# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

صوبائی اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 19 جون 2008 بمطابق 14 جمادی الثانی 1429 ہجری صبح دس بج کر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اعوذباللہ من الشیطن الرجیم۔بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٖ o وَيَبۡقَىٰ وَجۡهُ رَبِّكَ ذُو ٱلۡجَلَـٰلِ وَٱلۡ إِكۡرَامِo فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِo يَسۡـَٔلُهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِي شَأۡنٖ o فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِo سَنَفۡرُغُ لَكُمۡ أَيُّهَ ٱلثَّقَلَانِo فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِo يَـٰمَعۡشَرَ ٱلۡجِنِّ وَٱلۡإِنسِ إِنِ ٱسۡتَطَعۡتُمۡ أَن تَنفُذُواْ مِنۡ أَقۡطَارِ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ فَٱنفُذُواْۚ لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلۡطَـٰنٖ o فَبِأَيِّ ءَالَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ.**

ترجمہ: جو (مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے۔اور تمہارے پروردگار ہی کی ذات (بابرکات) جو صاحب جلال وعظمت ہے باقی رہے گی۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں۔ وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن وانس اگر تمہیں قدرت ہو کہ آسمان اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ تو نکل جاؤ۔ اور زور کے سوا تم نکل سکنے ہی کے نہیں۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: آئٹم نمبر 2: جناب انور سیف اللہ خان، ایم پی اے صاحب کی تین دن کیلئے چھٹی کی درخواست ہے، Is it the desire of the House that leave may be granted to the Honourable Member?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

سید محمد صابر شاہ: پوائنٹ آف آرڈر-----

## جناب سپیکر کی طرف سے اعلان

جناب سپیکر: صابر شاہ صاحب! ایک دو منٹ آپ مجھے دیدیں۔ معزز اراکین اسمبلی! صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ کے قواعد وانضباط کار مجریہ 1988 کے قاعدہ 142 کے ذیلی قاعدہ (3) کے تحت میں سالانہ بجٹ پر بحث کیلئے ہر پارٹی لیڈر کیلئے زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ اور دیگر تمام اراکین کیلئے جو بحث میں حصہ لینا چاہیں، دس منٹ کا وقت مقرر کرتا ہوں تاکہ زیادہ سے زیادہ اراکین کو بحث میں حصہ لینے کا موقع مل سکے۔ ایک اور ضروری بات بھی علم میں لانا ضروری سمجھتا ہوں کہ پارلیمانی روایات اور قواعد کے مطابق بجٹ اجلاس کے دوران تحاریک التواء نہیں لی جاتیں کیونکہ آپ ممبران صاحبان کو بجٹ پر عام بحث کیلئے کافی وقت درکار ہوتا ہے اور آپ اس بحث کے دوران حکومت کی توجہ ان تمام مفاد عامہ سے متعلق مسائل کی طرف مبذول کرا سکتے ہیں جس سے تحاریک التواء کا مقصد بھی حل ہو جاتا ہے اور اسی طرح توجہ دلاؤ نوٹس کے حوالے سے بھی عرض کروں کہ آپ صاحبان بجٹ پر بحث یا مطالبات زر پر تقاریر کے دوران ہر محکمے سے متعلق کسی بھی مسئلے کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔ اسلئے آپ صاحبان سے گزارش ہے کہ بجٹ اجلاس کے دوران کال اٹینشن نوٹسز اور ایڈجرنمنٹ موشنز کی بجائے صوبائی محکموں سے متعلق اور دیگر امور کی نشاندہی بجٹ پر بحث کے دوران کھل کر کریں تاکہ آپ کو بجٹ پر بحث کرنے کا زیادہ سے زیادہ موقع میسر آسکے، اپنی مثبت تجاویز سے حکومت کی Improvement کریں اور اپنے صوبے کے غریب عوام کی مشکلات کا مداوا کریں۔ حکومت میں شامل جتنے وزراء صاحبان ہیں، ان سے بھی گزارش ہے کہ جس معزز ممبر صاحب کی طرف سے جو بھی مثبت اور تعمیری تجویز سامنے آئے، اس کا فوری نوٹس لیں۔ ہمارا صوبہ انتہائی غریب ہے اور بہت ہی Limited resources ہیں۔ آپ کو اس غریب صوبے اور عوام کی ناگفتہ بہ حالات کو سدھارنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ آپ بجٹ ڈرافٹ کو آسمانی کتاب یا صحیفہ نہ سمجھیں

جس میں ترمیم نہیں ہو سکتی۔ اچھی اور مثبت تجاویز کو کھلے دل سے Accept کریں۔ جمہوریت کی اصل روح یہی ہے جس کیلئے ہمارے بڑوں نے بڑی محنت کی ہے اور اپنی جانوں تک کی قربانیاں دیں ہیں۔ ہماری آزاد میڈیا آپ کے خیالات اور آپ کی کوششوں کو ہر گھر، ہر محلے اور ہر فرد تک بڑی محنت، لگن اور تیزی کے ساتھ پہنچا رہی ہے جس کیلئے میں میڈیا کے تمام دوستوں کا انتہائی مشکور ہوں۔ یہ ہاؤس ہم سب کا ہے، اس کے تقدس اور اہمیت کا خیال آپ اور ہم سب نے رکھنا ہے۔ آپ کے تعاون کا انتہائی مشکور ہوں اور رہونگا، انشاء اللہ، شکریہ۔ پیر صاحب شاہ صاحب، آپ سے ایک گزارش ہے۔

سید محمد صابر شاہ: جی فرمائیں۔

جناب سپیکر: پیر صاحب! اگر ڈیبیٹ شروع کر لیں تو اس کے بعد آپ اس پر جتنا بھی چاہیں، بات کر لیں۔

سید محمد صابر شاہ: اس کے بعد تو میں گھر جاؤنگا۔

جناب سپیکر: آج۔۔۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! ایک اہم بات ہے جو میں آپ کی وساطت سے ہاؤس کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اب اوپن ڈیبیٹ کی میں دعوت دیتا ہوں جناب اکرم خان درانی صاحب لیڈر آف دی اپوزیشن کو، ایم ایم اے سے جن کا تعلق ہے۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔ شکریہ۔

سید محمد صابر شاہ: کسی کو بولنے کا موقع نہیں اس ہاؤس میں لیکن جناب سپیکر، میں ایک انتہائی اہم بات کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بولیں، بولیں، جی بولیں۔ بولیں، بولیں۔ (قہقہہ) پیر صاحب ہمارے۔۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی: میں اپنا ٹائم بھی دے سکتا ہوں، پیر صاحب کو۔

## پاکستانی حدود میں گھس کر پر امریکی افواج کا حملہ اور افغان صدر کا دھمکی آمیز بیان

سید محمد صابر شاہ: میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے کہنے کا موقع دیا اور میں اس ہاؤس کا تقدس بھی جانتا ہوں کہ آج بجٹ پر بحث میں یہاں ہمارے اراکین نے حصہ لینا ہے، یہ انتہائی اہم دن ہے اور میں قطعاً اس دن کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کر سکتا لیکن بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں، بعض واقعات ایسے ہوتے ہیں، بعض حادثات ایسے ہوتے ہیں جن کی اپنی ترجیح جو ہوتی ہے اور جب ہم دیکھتے ہیں کہ ان کی اہمیت اس بجٹ پہ بحث سے بھی زیادہ ہے تو اسلئے میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ گزشتہ دنوں، میرے خیال میں

11 جون کو ایک واقعہ ہوا کہ ہماری افواج پر ہمارے پاکستان کے Areas میں Americans کی طرف سے حملہ ہوااور اس میں میرے خیال میں ہمارے کوئی سترہ فوجی جوان مارے گئے۔ دوسرا واقعہ یہ ہوا کہ ہمارا بالکل جو پڑوسی ملک ہے افغانستان، افغانستان کے صدر کرزئی نے ہمیں یہ دھمکی دی کہ وہ اپنے مخالفین تک پہنچنے کیلئے پاکستان کے اندر بھی داخل ہو سکتے ہیں تو جو بنیادی بات میں کرنا چاہتا ہوں کہ ان دونوں چیزوں کا تعلق ہمارے اس صوبے سے ہے۔ ایک طرف امریکہ ہماری خودمختاری پہ حملہ کر رہا ہے، ایک آزاد ملک پر، ہمارے شہریوں پہ، ہمارے علاقوں پہ، ہمارے لوگوں کا قتل عام کیا جارہا ہے اور یہاں تک کہ وہ فوج جس پر ہماری پچھلی Regime فخر کرتی تھی کہ ہم جناب، Terrorism کے خلاف جنگ میں Front line State کا رول ادا کر رہے ہیں، اسی فوج پہ آج Americans حملے کر رہے ہیں۔ ایک طرف یہ بڑی تشویشناک صورتحال ہے، دوسری طرف جناب، جو کرزئی صاحب نے ہمیں دھمکی دی ہے براہ راست، پاکستان پر حملہ کرنے کی دھمکی، اس کو بڑی سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے کیونکہ افغانستان کے ساتھ جو ہمارا تعلق رہا ہے ہمیشہ، ہم نے تیس سال تک، افغانستان پر جب روس نے حملہ کیا تو پاکستان اور خصوصاً صوبہ سرحد کے عوام نے، یہاں کا وہ کونسا علاقہ ہے جہاں پہ ہمارے افغان بھائیوں کی ہم نے میزبانی نہیں کی؟ ہمارا Infra-structure تباہ ہوا، ہماری یہاں پر Water کی جو Sources تھیں، وہ ختم ہو گئیں، ہماری سڑکیں تباہ ہو گئیں، ہمارا کاروبار متاثر ہوا مگر ہم نے افغانستان کے بھائیوں کیلئے سینہ کشادہ رکھا لیکن آج افغانستان کی طرف سے ہمیں دھمکیاں مل رہی ہیں۔ اس ہاؤس میں میرے کہنے کا جو مقصد ہے، ایک تو جو Americans نے ہماری سرحدات پہ پاکستان میں آکر ہم پر حملہ کیا ہے، ہماری آزادی پر تو اس ہاؤس کی طرف سے ایک مذمتی قرارداد پیش ہونی چاہیئے۔ دوسری بات جو میں کہنا چاہتا ہوں کہ جب میں کرزئی صاحب کی دھمکی کو دیکھتا ہوں، دوسری طرف آپ دیکھیں تو اس صوبے میں میں سمجھتا ہوں آج اللہ کا بڑا فضل ہے جی کہ یہاں پہ عوامی نیشنل پارٹی کی حکومت ہے، آج امیر حیدر خان صاحب ہمارے چیف منسٹر ہیں، پیپلز پارٹی اور عوامی نیشنل پارٹی کی حکومت ہے یہاں پہ اور یہاں پر میں Credit دونگا اس حکومت کو کہ آج مذاکرات کے ذریعے طالبان کے ساتھ لڑائی کی بجائے، بندوق کے ذریعے حالات کو سنوارنے کی بجائے یہاں پر بات چیت کی نئی روایت رکھی گئی ہے۔ یقیناً یہ دونوں جماعتیں اس کیلئے مبارکباد کی مستحق ہیں۔ ایک طرف ہم ایک استحکام کے راستے پر جارہے ہیں، دوسری طرف ہم یہ کہتے ہیں کہ افغانستان کے جو بھائی ہیں ہمارے، ان کے ساتھ جو ہمارے رشتے ہیں صوبہ سرحد

اور افغانستان کے تو جب عوامی نیشنل پارٹی کی یہاں پہ حکومت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کرزئی صاحب کے ساتھ جو ذاتی مراسم ہیں، مجھے اس بات کی سمجھ نہیں آرہی کہ وہ کیوں یہاں کی حکومت کو اس صوبے کے اندر Destabilize کرنا چاہتے ہیں؟ صوبے کے اندر خوف ہے، لوگ پریشان ہیں، یہاں پہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ایک طرف تو افغانستان سے Americans کے حملے ہو رہے ہیں، دوسری طرف کرزئی صاحب کی دھمکیاں ہیں، ایسے حالات کے اندر جناب سپیکر، میں گزارش کرونگا کہ ہمیں دونوں پہ، کرزئی صاحب کے اس بیان پہ بھی ہمیں اس ہاؤس سے مثبت جواب ملنا چاہیئے اور جو Americans نے ہماری آزادی پر حملہ کیا ہے، ان کے خلاف بھی میں گزارش کرونگا کہ قرارداد آنی چاہیئے۔ اگر ہم نے اس پر خاموشی اختیار کی اور اس معزز ایوان سے اگر کوئی آواز نہ اٹھی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کے عوام کیلئے اور ہم سب کیلئے یہ بڑی مایوسی کی بات ہوگی اور یہ بڑے خطرے کی بات ہوگی۔ بہت بہت مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب ارشد عبداللہ صاحب۔ یہ مائیک آن کریں۔ ارشد عبداللہ صاحب، منسٹر فار لاء۔

<u>جناب ارشد عبداللہ (وزیر قانون و پارلیمانی امور):</u> بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! جیسا کہ ہم سب کو پتہ ہے، یہاں پر بہت Experienced Parliamentarians ہیں اور ہم توقع رکھتے ہیں کہ جتنے بھی ہمارے Senior Colleagues ہیں، ان سب کو یہ پتہ ہے کہ چونکہ یہ بجٹ کا اجلاس ہے، خصوصاً بجٹ کا اجلاس ہے لہذا بحث کو بجٹ تک ہی Restrict رکھا جائے تو یہ رولز کے مطابق ہماری کارروائی چلے گی، Otherwise there is no end to it. یہاں پر بڑے Important issues ہیں، بالکل I agree، یہ جو کرزئی صاحب کی Statement ہے یا جو Missile attacks ہوئے ہیں، بڑے Important political issues ہیں لیکن یہ مناسب وقت نہیں ہے کہ اس کے اوپر ہم بحث شروع کر دیں اور اس کے بعد اس پر قرار دادیں ہوں۔ چونکہ رولز آف بزنس کی رو سے اس وقت صرف بجٹ پہ اگر بحث جاری رکھی جائے تو میرے خیال میں یہ مناسب ہوگا۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب، پیر صاحب پرانے پارلیمنٹیرین ہیں۔ اس پر آپس میں صلاح و مشورے کے بعد آپ لوگ ٹی بریک کے بعد قرار داد لے آئیں؟ شکریہ۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔

## سالانہ بجٹ برائے مالی سال 09-2008 پر عام بحث

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> محترم سپیکر صاحب! آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے بجٹ کے حوالے سے مجھے اجازت دی۔ سب سے پہلے تو ہم رب ذوالجلال کا شکریہ ادا کریں کہ آج دوبارہ

جمہوریت کی جو گاڑی ہے، اس کو موقع ملا، الیکشنز ہوئے، ایک جمہوری حکومت بنی اور اس پر بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہم سب کو موقع دیا کہ اس غریب صوبے کے غریب عوام کیلئے، ان کی خوشحالی کیلئے، ان کی آبادی کیلئے ہم یہاں پر مل بیٹھ کر ایک سال کیلئے منصوبہ بندی کروا رہے ہیں کہ ان کی جو مشکلات ہیں، ان کی جو تکالیف ہیں، ان میں ہم کمی لائیں اور اس صوبے کے غریب عوام کو ہم کوشش کریں کہ وہ خوشیاں دیں جن کا اس معزز ایوان سے ان کی توقعات ہیں۔ بحث میں کرونگا، آپ نے اجازت دی ہے لیکن جو نکتہ پیر صاحب نے اٹھایا ہے، میرے خیال میں آپس میں ہم نے بات کی تھی، سکندر شیر پاؤ صاحب بھی بات کرنا چاہتے تھے، قلندر لودھی صاحب بھی بات کرنا چاہتے تھے، میں نے پرسوں اسی سلسلے میں تحریک التواء بھی جمع کی ہے، دونوں مسئلوں پہ، کرزئی صاحب کی Statement پہ بھی اور دوسرا امریکہ نے جس بیدردی کے ساتھ، جس ظالمانہ انداز کے ساتھ ان لوگوں کی حکومت پہ اور ان لوگوں پر جو ان کیلئے اپنے لوگوں کا خون بہا رہے ہیں اور ان کا ساتھ دے رہے ہیں لیکن ان کی نظروں میں اتنی حیا نہیں کہ جو فوج ان کا ساتھ دے رہی ہے عالمی دنیا میں، وہ اب ان کو مارنے اور شہید کرنے پر بھی اتر آئے ہیں، تو یہ چونکہ بجٹ کا سیشن ضرور ہے، ہم پرانے لوگ ہیں، پیر صاحب کا بھی بہت زیادہ تجربہ ہے اس فیلڈ میں اور باقی جو حضرات ہیں، وہ بھی بہت وقت سے جانتے ہیں کہ بات کرنے کا وقت کونسا ہے اور کس وقت ہم بات کر سکتے ہیں لیکن یہ دو واقعات اس طرح کے ہیں کہ اگر ہم نے اس طرف توجہ نہیں دی اور ہم نے اس کا تدارک نہیں کیا اور ہم نے ایک قومی حیثیت سے مل کر اس کا مقابلہ نہیں کیا تو جس کام کیلئے ہم بیٹھے ہیں، ہم اس قابل نہیں ہونگے کہ یہ کام ہم انجام تک پہنچائیں اور پھر یہ کام ہم مکمل بھی کروا سکیں تو سب سے ضروری بات جو ہے، کرزئی صاحب کا یقیناً ایک احترام ہے، ایک ملک کے وہ سربراہ ہیں، جس طریقے سے بھی ہیں، وہ آپ لوگ بھی جانتے ہیں کہ کس نے بٹھایا ہے، کون ان کو لایا ہے؟ اس پر ہم بات نہیں کریں گے، وہ ایک الگ موضوع ہے لیکن ان کو اس طرح کی Statement زیب نہیں دیتی۔ کرزئی صاحب کی عمر شاید پینسٹھ سال ہوگی یا ساٹھ سال اور انہوں نے اپنی زندگی کا اکثر حصہ پینتیس سال پاکستان کی اسی سرزمین پہ گزارا۔ پاکستان کی اسی سرزمین نے ان کو سر چھپانے کی جگہ دی، پاکستان کی اسی سرزمین نے ان کی اولاد کو انگلش میڈیم سکولز میں تربیت دی، تو مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کرزئی صاحب وہ دن نہ بھولیں جب ان کے سر پر سایہ نہیں تھا اور ان قبائل اور پاکستان کی سرزمین نے اور بلوچستان نے ان کیلئے مہیا کیا اور یہاں پر بڑی عزت اور وقار کے ساتھ انہوں نے پینتیس سال گزارے۔ تو ہم اس کی مذمت بھی کرتے ہیں اور آپ

سے درخواست بھی کرتے ہیں کہ ساری پارلیمانی پارٹیز کے لیڈرز یہاں پر بیٹھ جائیں ٹی بریک میں اور ایک مذمتی قرارداد پیش کریں لیکن اس بارے میں بھی میں تھوڑی سی بات کرونگا کہ ہم بھی جب بیٹھ جاتے ہیں تو ہم اس کو تھوڑا سا ادھر ادھر کرتے ہیں کہ کوئی ناراض نہ ہو۔اس قرارداد سے ہم کسی کو ناراض کرنا چاہتے ہیں، کسی کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم ایسے لوگ نہیں ہیں، ہم اپنے ملک کی سرزمین کی حفاظت کرنا جانتے ہیں۔ (تالیاں) ہمارے آباء و اجداد نے اس سرزمین کی حفاظت کیلئے قربانیاں دیں ہیں۔اس ہاؤس میں اکثر ایسے لوگ بیٹھے ہیں کہ جنھوں نے پاکستان کی آزادی کیلئے قربانیاں دیں ہیں، اس سرزمین کی آزادی کیلئے اپنی جائیدادوں کو نیلام کیا ہے تو کرزئی صاحب یہ نہ بھولیں کہ ان لوگوں میں وہی خون ہے، یہ وہی بلڈ ہے اور یہ دوبارہ بھی قربانیاں دے سکتے ہیں اور ہماری فوج کے ساتھ جو کچھ ہوا، ہماری وفاقی حکومت، پریذیڈنٹ صاحب کی آنکھیں کھلنی چاہیئے کہ وہ یہاں پر آکر ان کا ساتھ دیں اور کہیں کہ نہیں آپ ہمارے دشمن ہیں، تو اس پہ وفاقی حکومت کو اور پریذیڈنٹ صاحب کو نظر ثانی کرنی پڑی ہے کہ ہم اس کے بعد بھی اس گٹھ جوڑ کا حصہ رہیں، ہم ان لوگوں کے ساتھ تعلقات مزید بڑھائیں؟ تو اس ضمن میں میری درخواست ہے کہ یہاں پر ہم ٹی بریک میں مل بیٹھ کر، پارٹی کی بات الگ، ملک کی حفاظت اپنی جگہ پہ، ہماری ماں ہے یہ سرزمین، اس کیلئے ہم ایک ہیں اور انشاء اللہ ایک بات کریں گے۔ (تالیاں) اب میں آؤنگا بجٹ پہ اور جس آدمی نے بجٹ پیش کیا، ہمایوں خان نے، وہ ایک عظیم باپ کا عظیم بیٹا بھی ہے اور جمہوری گھرانے سے تعلق رکھتا ہے۔شاید ہم کچھ باتیں بھی کریں لیکن وہ اصلاح کیلئے ہونگی۔ میری اپنی طبیعت ایسی ہے کہ میں کبھی ماحول کو خراب کرنا نہیں چاہتا، میں ہمیشہ ماحول کو جوڑنے کی کوشش کرتا ہوں کہ کہیں پہ اگر کوئی تلخی ہے تو ہم کیوں نا اس کا ازالہ کریں تاکہ بڑی ہنسی خوشی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اس کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں؟ سپیکر صاحب! آپ کو یاد ہے، چیف منسٹر صاحب نہیں ہیں، مجھے افسوس ہے کہ اپوزیشن لیڈر کی تقریر کو انھوں نے اہمیت نہیں دی۔ایک ہوتا ہے قائد ایوان اور ایک ہوتا ہے، جمہوری انداز میں قائد حزب اختلاف، مجھے دکھ ہے کہ آج قائد حزب اختلاف جب اپنا نکتہ نظر اپوزیشن کی طرف سے پیش کر رہا ہے اور میرے چیف منسٹر کے پاس اس کیلئے وقت نہیں ہے تو مجھے صرف افسوس ہی کہنا پڑے گا۔ (تالیاں) باقی جس کی حکومت ہوتی ہے، اس کے پاس اختیار ہوتا ہے، اپنی مرضی سے سب کچھ کروا سکتا ہے۔ابھی جو بجٹ ہمایوں صاحب نے پیش کیا، کل ان کی پریس بریفنگ بھی تھی، مجھے یہ بھی اندازہ ہے کہ شاید ان کو زیادہ وقت فنانس کا نہیں ملا کیونکہ محکمے کی کھینچاتانی

میں بہت بڑاایک عجیب ساماحول تھا، فیصلہ نہیں ہو سکتا تھا کہ فنانس کس کے پاس ہو؟ لیکن شکر ہے کہ کچھ دن پہلے فیصلہ ہوااور فنانس کے محکمے کوایک اچھے ہمارے Politician، ہمایوں خان کے سپرد کیا لیکن کل خود بھی انہوں نے بات کی ہے کہ یہاں پر جو حالات ہیں اور جو تکالیف ہیں، لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے، ہماری مصروفیات ہیں، اس سے ہمیں اتنا وقت نہیں ملا کہ ایک صحیح بجٹ تیار کرواسکیں کیونکہ کل میں نے اخبار میں پڑھا ہے، اخبار میں آیا ہے یا نہیں آیا ہے، شاید انہوں نے بات کی ہے یا پریس نے خود کی ہے لیکن پریس والے ایسی بات تو نہیں کرتے، یہ اقرار تو انہوں نے خود کیا ہے کہ یہ بجٹ اس حوالے سے نہیں ہے، جس بجٹ کی ان موجودہ حالات میں ضرورت تھی اور جو ہم اس ایوان میں پیش کرتے۔ یہ بھی میرے خیال میں ان کی ایک اخلاقی جرات ہے کہ انہوں نے خود ہی ایڈمٹ کیا ہے کہ یہ بجٹ اس انداز سے نہیں ہے، جیسے ہونا چاہیئے تھا۔ اس حوالے سے میں آج وہ بات بھی نہیں کرونگا، میں ہمیشہ ایک صاف بات کرنے کا عادی آدمی ہوں اور جو بات کہتا ہوں، وہ ثابت بھی کرتا ہوں۔ یہاں پر بجٹ کے حوالے سے جو کچھ میں آپ کے سامنے رکھونگا، اس کو میں آپ کے سامنے رکھونگا بھی صحیح طریقے سے کہ اس میں یہ کمی ہے، یہ زیادتی ہے، یہاں پر کوئی کمی وبیشی ہے اور پھر مجھے یہ بھی حق حاصل ہے کہ جو پرانا بجٹ ہے، میری اپنی اے ڈی پی ہیں جو 04-2003 سال سے لیکر ایم۔ اے گورنمنٹ کے دوران 2008 تک میں لایا ہوں اور اس پہ جب میں بات کرونگا، ایک پیپر بھی میں نے تیار کیا ہے، وہ میں تمام ایم پی ایز کو بھی دونگا، اگر اس میں کوئی غلطی ہو تو اس کو پڑھ سکتے ہیں اور پریس کیلئے بھی میں نے 130 یا 140 کاپیاں تیار کی ہیں، ان کو بھی دونگا اور 124 اراکین اسمبلی میں بھی تقسیم کرونگا کہ جس طرح ہم نے سٹارٹ لیا 04-2003 سے، اس صوبے کا پہلا بجٹ کیا تھا، پھر ایک سال میں اس میں ہم نے کتنا اضافہ کیا؟ پھر دوسرے سال میں ہم نے اس میں کتنا اضافہ کیا؟ اور پھر آخر 2008 میں ہم نے اس میں کتنا اضافہ کیا؟ اور پھر ابھی جو ہمایوں خان کہہ رہے ہیں، اس اضافے پہ بھی بات کرونگا کہ وہ واقعی اضافہ ہے یا وہ 04-2003 کا ہمارا جو بجٹ ہے، اس سے پیچھے ہے؟ اس کیلئے تھوڑا سا آپ سب کی اجازت سے وقت لونگا سپیکر صاحب، کیونکہ اپوزیشن کا ایک ایسا Time limit ہے کہ اگر وہ پورا دن بھی بات کرلے تو اس کو اختیار ہے یا آپ کے دستور میں ہے کہ وہ بات کرواسکتا ہے۔ میرے خیال میں کل آپ نے جو بھی بجٹ پیش کیا تھا، یہ ہماری رواداری تھی کہ اپوزیشن کے کسی ممبر کو کھانسی تک نہیں آئی تاکہ ہمایوں خان ڈسٹرب نہ ہوں، ہم نے اپنی کھانسی روکی تھی، منہ پر ہاتھ رکھے تھے تو میں گزارش کرونگا کہ میری باتوں سے اگر کسی گورنمنٹ کے ممبر کو کھانسی

آئے تو وہ بھی اپنے منہ پر ہاتھ رکھے اور بعد میں مجھ سے اس پر ضرور سوال کریں تاکہ یہاں کا ماحول اچھا رہے۔ 03-2001 میں جب ہم نے سٹارٹ لیا، اس صوبے کا سالانہ پروگرام تھا آٹھ ارب یا کچھ اس سے زیادہ، ہم نے 04-2003 میں اس کو چودہ ارب روپے تک کر دیا اور اس میں جو اضافہ ہم نے کیا، دس فیصد اضافے کے ساتھ ہم آگے گئے۔ پھر 05-2004 میں ہم نے اس کو سولہ ارب تک پہنچایا اور پھر 06-2005 میں ہم نے اس کو اکیس ارب تک پہنچایا، یہ گیارہ فیصد اضافہ ہے 06-2005 تک اور پھر 07-2006 میں چھبیس ارب تک ہم نے پہنچایا، یہ بارہ فیصد اضافہ ہے اور پھر 08-2007 میں انتالیس ارب تک ہم نے پہنچایا، یہ ہے بیس فیصد اضافہ۔ ابھی 09-2008 کا بجٹ جو ہمایوں خان نے پیش کیا ہے، وہ ٹوٹل ہے اکتالیس ارب کا اور انہوں نے جو اضافہ کیا ہے، وہ اضافہ ہے دو ارب روپے۔ ابھی اگر آپ یہ Figures صحیح Calculate کر لیں، میں تو اتنا ٹیکنیکل آدمی ہوں بھی نہیں لیکن جو تھوڑا سا موقع ملا تھا، اس میں میں نے محنت کی ہے کہ کچھ سیکھوں، تو انہوں نے جو اضافہ کیا ہے، یہ پانچ فیصد کیا ہے، دو ارب ہے۔ ابھی میں نے 04-2003 میں جو پانچ فیصد اضافہ کیا تھا، وہ اس صوبے کی Development کو پھر 2009 سے پیچھے کر کے 04-2003 میں لے آئے ہیں۔ میں بیس فیصد اضافے پہ گیا ہوں، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ یہ ابھی پچیس فیصد یا تیس فیصد اضافے سے اس صوبے کے معاملات کو آگے چلاتے اور پھر پانچ فیصد جو یہ بتا رہے ہیں کہ اس میں ہم نے اضافہ کیا ہے، یہ اضافہ نہیں ہے بلکہ یہ بیس فیصد کمی ہے کیونکہ ابھی سٹیل کی جو قیمت ہے، ہمارے وقت میں تینتیس ہزار روپے سٹیل تھا، ابھی ایک سٹیل ہے چھیاسٹھ ہزار روپے میں اور دوسرا ہے ستاسی ہزار روپے۔ ہمارے پچھلے سال لیبر کی، ایک مزدور کی جو Daily تھی، وہ پچاس اور سو روپے تھی، ابھی ڈھائی سو روپے پر بھی آپ کو مزدور نہیں مل رہا ہے۔ مستری جو تھا، وہ تین سو روپے پر کام کرتا تھا، ابھی وہ پانچ سو روپے پر بھی راضی نہیں بلکہ سات سو روپے اجرت لیتا ہے اور اینٹیں پچیس سو روپے فی ہزار تھیں، ابھی وہ ساڑھے چار ہزار روپے فی ہزار آپ کو یہاں پر پشاور میں بھی نہیں ملیں گی۔ اس طرح اگر آپ اس اے ڈی پی کو دیکھیں تو جو ابھی منہگائی ہے اور جسطرح ریٹس بڑھے ہیں تو جو بلڈنگ آپ بناتے تھے ایک کروڑ روپے میں، وہ ابھی ایک کروڑ، اسی لاکھ روپے میں بھی نہیں بنا سکتے، تو اسی اضافے کو، میں نیک نیتی سے ایک مشورہ دے رہا ہوں کہ یہ پانچ فیصد اضافہ نہیں ہے. بجٹ میں بلکہ یہ بیس فیصد کمی ہے اور اس فگر میں اگر کوئی غلطی ہو تو دوبارہ میں اس پر بات کر بھی سکتا ہوں مل بیٹھ کر کیونکہ ہم نے اصلاح کیلئے یہ باتیں کرنی ہیں۔ ہم نے جو تجاویز دینی ہیں، وہ نیک

نیتی سے دیتی ہیں کہ ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھ کر، تاہم اس پر مجھے گلہ ہے، افسوس ہے کہ یہاں پر بجٹ بنایا جارہا تھا، شاید ایک دوست کی حیثیت سے، ایک اپوزیشن لیڈر کی حیثیت سے، پارلیمانی لیڈرز بھی میرے بیٹھے ہیں، قلندر لودھی صاحب ہیں، سکندر شیرپاؤ صاحب ہیں، پیر صابر شاہ صاحب ہیں، ہمارے اور بھی ہیں، اس میں کوئی قباحت والی بات نہیں تھی کہ اگر پانچ منٹ کیلئے ایک چائے کا پیالہ بناتے اور کہتے کہ اگر آپ لوگوں کے ذہن میں بھی کوئی ایسی اچھی بات ہے تو، اگر ہماری اچھی بات ہوتی تو آپ کو دیدیتے اور اگر آپ کو منظور نہیں تھی تو حکومت تو آپ کی تھی، لاٹھی آپ کے ہاتھ میں ہے، جس طرح بھی اس سے آپ نے مروانا ہے تو ہم تابعدار ہیں لیکن مجھے افسوس ایک اور بات پر بھی ہے کہ پیر صاحب، چونکہ یہاں پر ایک Coalition government ہے، لوگ کہہ رہے ہیں، ہم تو کہہ رہے ہیں کہ نہیں، وہ ہمارے ساتھ ہیں، ہمارے بھائی ہیں، ویسے بھی اپوزیشن میں ہیں، (قہقہہ) پیر صاحب! میں نے اگر ایک بات گپ کیلئے کی تو آپ نے جواب نہیں دینا ہے بالکل، لیکن ان کو بھی مشورے میں شامل نہیں کیا۔ مشورے میں ان کو بھی شامل نہیں کیا۔ باقی میں اخبار میں دیکھ رہا تھا، رحیم داد خان نے پیپلز پارٹی کے اراکین کو بریفنگ دی، اس میں اے این پی والے شامل نہیں تھے اور میرے خیال میں چیف منسٹر صاحب نے اپنے اے این پی کے لوگوں کو بریفنگ دی بجٹ کے حوالے سے، میں نے نہیں دیکھا، اخبار کے حوالے سے بات کرتا ہوں، شاید یکجا بیٹھے ہوں، اس کا مجھے علم نہیں ہے، تو مجھے یہ بھی خدشہ تھا خدانہ کرے کہ بجٹ بھی دو حصوں میں ہو، ایک بجٹ اے این پی کی طرف سے پیش ہو اور دوسرا بجٹ پیپلز پارٹی کی طرف سے پیش ہو تو ہم کس بجٹ کو کس انداز میں لیں گے؟ لیکن شکر ہے کہ کتاب ہمیں ایک مل گئی ہے۔ (تالیاں) اس پر بھی ہم شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ابھی میں آتا ہوں، تعلیم اس غریب صوبے کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اور جب تک اس صوبے کے لوگ تعلیم یافتہ نہ ہوں، یہاں پر خاصکر فیمیل کی تعلیم عام نہ ہو تو ہم ترقی نہیں کر سکتے، تو اس کو اولیت ہم نے دی ہے۔ میں اس پہ بات کرونگا کہ 2003-04 میں یہاں پر اس صوبے میں تعلیم کیلئے کتنا بجٹ مختص تھا؟ وہ بھی میں آپ کے سامنے رکھونگا اور اس کے بعد پھر ہم نے اس میں کتنا Growth کیا ہے، ہم آگے گئے ہیں؟ اگر آپ دیکھیں تو 2001-02 میں پرائمری تعلیم پر دس کروڑ، نوے لاکھ روپے تعلیم پر لگائے جاتے تھے، میرے ساتھ اے ڈی پی بھی ہے اور آپ کیلئے کاپیاں بھی لایا ہوں، اس کو ہم نے دس کروڑ، نوے لاکھ سے بڑھا کر 2007-08 میں تین ارب، باون کروڑ روپے تک پہنچایا۔ یہ صوبے کی تاریخ میں ایک ریکارڈ اضافہ ہے کہ اگر دس کروڑ،

نوے لاکھ روپے ایک ڈیپارٹمنٹ کو پرائمری تعلیم کیلئے مل رہے ہیں اور اس کو آپ پانچ سالوں میں تین ارب، باون کروڑ تک پہنچائیں۔ یہ فگرز میں آپ کو دے بھی سکتا ہوں، اگر کوئی غلطی ہو تو پھر آپ مجھے بتا بھی دیں۔ میں اپنے ساتھ ممبران میں تقسیم کرنے کیلئے اے ڈی پی کی کاپیاں بھی لایا ہوں۔ ابھی موجودہ حکومت نے، افتخار صاحب، ہمارے بڑے پیارے دوست ہیں اور بہت پرانے ساتھی ہیں، ان کا محکمہ ہے-----

(شور / قطع کلامیاں)

<u>ایک آواز:</u> بابک صاحب۔

<u>جناب اکرم خان درانی:</u> بابک صاحب، اچھا ٹھیک ہے، وہ تو ابھی آئے ہیں۔ بابک صاحب کے پاس، ٹھیک ہے، سوری، بابک صاحب تو ہمارے برخوردار ہیں، کریم بابک صاحب کے فرزند ہیں، برخوردار ہیں۔ ابھی ان لوگوں نے اس میں جو اضافہ کیا ہے، صرف اور صرف تریسٹھ کروڑ، بیس لاکھ روپے کا اضافہ کیا۔ اس ٹوٹل بجٹ میں پرائمری میں جو ایک اضافہ ہوا ہے، وہ تیرہ کروڑ، بیس لاکھ روپے کا ہے، فگرز میرے پاس ہیں، بابک صاحب کو میں دے دونگا، وہ ذرا دیکھ لیں۔ ان کے پاس اپنے بھی ہیں، ان کو علم ہے، اس میں بھی حیرت کی بات ہے کہ ایک تو On going ہیں اور انہوں نے اسی میں دو یونیورسٹیاں بھی رکھی ہیں، ایک اسلامک یونیورسٹی امام ڈھیری اور دوسری یونیورسٹی مردان کی اور بیس ڈگری کالج بھی رکھے ہیں۔ آج کل ایک ہائر سیکنڈری سکول میرے خیال میں تریسٹھ کروڑ میں بنتا ہے یا ایک کالج، تو ٹوٹل آپ نے اضافہ کیا ہے-----

<u>ایک آواز:</u> تریسٹھ لاکھ میں۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> تریسٹھ لاکھ ہیں، تریسٹھ لاکھ ہیں۔ یہ صرف اضافہ ہے تریسٹھ کروڑ، بیس لاکھ-دو یونیورسٹیاں، بیس ڈگری کالجز اور پچھلا اضافہ جو ہائر ایجوکیشن میں انہوں نے کیا ہے، وہ کیا ہے تین کروڑ کا، صرف تین کروڑ کا اضافہ۔ ہائیر ایجوکیشن میں ہمارے بجٹ سے زیادہ انہوں نے تین کروڑ روپے کا اضافہ کیا ہے، ایک روپیہ بھی اس سے زیادہ نہیں ہے، اگر میرے فگرز صحیح ہیں۔ اچھا جی، یہاں پر ابھی تقسیم کا جو طریقہ ہے، میں سب سے پہلے پرائمری پر آؤنگا۔ ہمایون خان نے بڑے خوبصورت انداز میں کہا کہ وہ چار کیڈٹ کالجز بھی بنا رہے ہیں تو یہ ہماری گورنمنٹ کی بات تھی، ایک آفتاب خان نے بات کی تھی چارسدہ کیلئے، لکی مروت میں ایک ہے، اس کیلئے زمین بھی خریدی گئی ہے، ایک ڈی آئی خان میں مولانا صاحب

اوران کے وہاں پر Elected لوگوں نے ڈیمانڈ کی تھی جلسے میں، ایک سوات میں، وہاں پر پریذیڈنٹ صاحب گئے ہیں۔ چار تک کیڈٹ کالجز جو ہیں، وہ بھی پچھلی گورنمنٹ کے ہیں لیکن کیڈٹ کالج کے سارے ترقیاتی اخراجات، زمین صرف صوبائی گورنمنٹ دیتی ہے، اس کیلئے انتظامات ہوئے ہیں لیکن وہ بنانے ہیں وفاقی حکومت نے، اس کیلئے فنڈز اس نے دینے ہیں۔ ابھی موجودہ اے ڈی پی میں فرنیچرز اور دوسرے سامان کیلئے جو پیسے رکھے گئے ہیں، وسطی اضلاع پشاور، چارسدہ، مردان، صوابی، نوشہرہ، یہ پانچ اضلاع ہیں، ان کیلئے انہوں نے پیسے رکھے ہیں نو کروڑ روپے سامان کیلئے اور جنوبی اضلاع کے سات اضلاع کوہاٹ، ہنگو، کرک، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک اور بنوں کیلئے رکھے ہیں پانچ کروڑ روپے۔ اب آتے ہیں مالاکنڈ پہ، مالاکنڈ کے جتنے بھی اضلاع ہیں، آپ کو معلوم ہیں، پورے ڈویژن کی بات کر رہا ہوں، ان کیلئے رکھے ہیں پانچ کروڑ، پچھتر لاکھ روپے۔ مالاکنڈ کے دو دیر کے اضلاع ہیں، سوات ہے، بونیر ہے، شانگلہ ہے اور مالاکنڈ خود ہے، ہمایون خان کا جو ضلع ہے، چترال بھی ہے، ان کیلئے پانچ کروڑ اور پندرہ لاکھ ہیں یا گیارہ لاکھ ہیں، پچھتر لاکھ، پانچ کروڑ پچھتر لاکھ۔ اب پرائمری سکولز، جو ہماری پچھلی اے۔ ڈی۔ پی ہے، اس میں ہم نے رکھے تھے چار سو پرائمری سکولز، دو سو میل اور دو سو فیمیل کیلئے، ابھی انہوں نے رکھے ہیں اس بجٹ میں صرف دو سو پرائمری سکولز۔ دو سو پرائمری سکولوں کی کمی کی گئی ہے تو یہ بجٹ کیسا ہے؟ دو سو پرائمری سکول ہم نے 2003-04 میں رکھے تھے، اسلئے میں کہتا ہوں کہ واپس آئے ہیں، 2003-04 پر لوٹ آئے ہیں، چار سو کی بجائے دو سو رکھے ہیں اور دو سو اس میں سے نکالے ہیں۔ ہماری 2007-08 کی اے۔ ڈی۔ پی میں ایک سو تیئیس پرائمری سکولوں کو مڈل کا درجہ دیا گیا تھا اور یہاں پر اب ایک سو ہیں، تیئیس سکولز مڈل میں بھی کم ہیں، اضافہ نہیں ہوا ہے بلکہ کم ہیں۔ اس کے علاوہ ایک سو دس سکول تھے ہمارے جو مڈل سے ہائی بنانے تھے لیکن اب انہوں نے وہ بھی سو کر دیئے ہیں تو دس سکول ہائی میں بھی کم کئے ہیں، اس میں کوئی اضافہ نہیں ہے۔ یہ فگرز آپ کی اے ڈی پی میں ہیں، آپ پڑھ لیں۔ اس طرح میں صحت کی بات کرونگا کہ 2001-02 میں جو پورے محکمہ صحت کا فنڈ تھا، وہ تھا تیس کروڑ روپے۔ اے ڈی پی 2001-02 کی آپ نکالیں، اگر میں کوئی غلط بیانی کر رہا ہوں تو آپ اس میں دیکھ لیں، 2001-02 سے ہم نے 2008ء تک جو جمپ لگایا تین ارب، تریسٹھ کروڑ، اسی لاکھ کا، تین ارب، تریسٹھ، کروڑ، اسی لاکھ لیکن 2008-09 میں ہمایون خان نے جو بجٹ پیش کیا، اس میں صرف تیس کروڑ کا پورے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں اضافہ کیا ہے، پورے ڈیپارٹمنٹ میں- آپ سٹیل دیکھیں، آپ ریٹ دیکھیں، آپ جو مہنگائی ہے، وہ دیکھیں تو یہ

تیس کروڑ روپے نہیں ہیں بلکہ آپ اس حساب سے دیکھیں گے تو اس میں آپ کو بہت کمی نظر آئے گی۔ ابھی ایک بات کی میں وضاحت چاہونگا، ہمایون خان نے بجٹ سپیچ میں اس کا ذکر نہیں کیا تھا، اس غریب صوبے کے لوگوں کیلئے ہم نے ایمرجنسی ٹریٹمنٹ فری کی تھی ہسپتالوں میں۔ پہلے بڑے ہسپتالوں میں کی تھی اور پھر بعد میں پورے صوبے کے ہسپتالوں میں کہ اگر خدانخواستہ کوئی ایکسیڈنٹ ہو جائے، کوئی اچانک بیمار پڑ جائے اور اس کے ساتھ کوئی رشتہ دار نہ ہو اور ایمرجنسی پہنچ جائے تو اس کی ذمہ دار گورنمنٹ ہے۔ بجٹ سپیچ میں مجھے معلوم نہیں کہ انہوں نے اس پالیسی کو رد کیا ہے یا اس کو چالو رکھنا چاہتے ہیں لیکن میری گزارش ہوگی پوری گورنمنٹ سے سپیکر صاحب، آپ کے توسط سے کہ وہ اس کو ختم نہ کرے۔ اس صوبے کے لوگ غریب ہیں، اگر خدانخواستہ کہیں پر ایکسیڈنٹ ہو جائے اور مجروح کے پاس پیسے نہ ہوں اور بھائی یا کوئی رشتہ دار بھی ساتھ نہ ہو تو وہ ہسپتال میں کیا کریگا؟ ڈاکٹر اس کو کچھ نہیں دے گا۔ تو یہ پالیسی، میں Request کرونگا کہ اگر ٹھیک ہے تو میں شکریہ ادا کرتا ہوں، اگر نہیں ہے تو اس میں پھر آپ سوچ لیں۔ ہم نے کوشش کی تھی اسی طرح، جس طرح میں خوش ہوں یونیورسٹی مردان پر، ان لوگوں کی ڈیمانڈ تھی۔ مردان کے میڈیکل کالج پر میں خوش ہوں، میں اس کو سپورٹ کرتا ہوں اور بھی بننے چاہئیں سارے اضلاع میں اور یہی چیزیں اگر ہم بنائیں گے تو اس کیلئے ہمارے پاس وہاں پر سہولتیں ہونگی۔ مردان کا آدمی کیوں پشاور میں تعلیم کیلئے آئے؟ مردان میں وہاں پر میڈیکل کالج کا اگر کوئی بندوبست ہے اور میڈیکل کالج جب بنے گا تو مردان کے لوگ پھر ادھر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: درانی صاحب! تھوڑا Conclude کریں، بس۔ کافی ڈبل ٹائم آپ لے رہے ہیں۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: نہیں، میرا ٹائم کا حق ہے سپیکر صاحب۔ اس میں آپ دیکھیں ذرا، (قہقہہ)۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مختصر کریں، مختصر۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جی، تو ہم نے خود بھی کوشش کی تھی۔ ہم نے خیبر میڈیکل کالج کو یونیورسٹی کا درجہ دیا، یہ پورے صوبے کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے۔ ہم نے تین نئے کینسر ہاسپیٹلز بنا دیئے، ایک ارنم تھا کینسر ہاسپیٹل، ہم نے ڈی۔آئی۔خان میں بھی بنا دیا، بنوں میں بھی اور سوات میں بھی بنا دیا۔ انشاء اللہ اسی سال وہ تین نئے کینسر ہاسپیٹلز چالو ہونگے اور کام کرینگے۔ یہاں پر پشاور میں ایک وارڈ ہے کارڈیالوجی کا، 'پشاور کارڈیالوجی سنٹر' حیات آباد میں ہم نے شروع کیا ففٹی ففٹی پر، ففٹی فیڈرل گورنمنٹ دیگی اور ففٹی ہم دینگے۔ اسی طرح پشاور کا میں آپ کو بتاؤں کہ اس میں اضافہ ہونا چاہیئے۔ ظاہر علی شاہ صاحب بھی بیٹھے

ہیں، وہ یقیناً اُس میں خود بھی دلچسپی رکھتے ہیں اور جب ہماری گورنمنٹ تھی تو ایک دفعہ میں کارڈیالوجی یونٹ میں گیا ایل آر ایچ میں، حفیظ اللہ سے میری بات ہوئی، ڈاکٹر ریاض سے ہوئی، تو اس پورے یونٹ کو ستر لاکھ روپے دیتے تھے سب غریب لوگوں کیلئے۔ پھر میں نے اس کو سات کروڑ روپے دیئے تاکہ جو غریب لوگ یہاں پر آئیں تو ان کے سارے ٹیسٹ فری ہوں۔ میں مزید بھی مطالبہ کرونگا کہ اس میں اضافہ کریں، سات کروڑ نہیں بلکہ اب اس کیلئے چودہ کروڑ ہونے چاہئیں تاکہ یہاں پر صوبے کے غریب لوگ آئیں تو جو دل کے مریض ہیں، ان کا علاج فری ہو۔ روڈز کے حوالے سے میں بات کرونگا، آپ 2001-02 کی اے ڈی پی دیکھ لیں، آپ کے پاس پی اینڈ ڈی میں پڑی ہے، انتالیس کروڑ، تیس لاکھ روپے تھے صرف روڈز کیلئے، اس کو ہم نے بڑھا کر 2007-08 میں تین ارب، پچانوے کروڑ، نوے لاکھ تک پہنچایا صرف روڈز سیکٹر میں اور ابھی موجودہ ہماری حکومت نے، آپ کی حکومت نے اس میں جو اضافہ کیا ہے پورے روڈز کیلئے، وہ ہے اکاون کروڑ، نوے لاکھ روپے صرف ٹوٹل روڈز کیلئے، اس سے زیادہ ایک روپیہ کا بھی اضافہ نہیں کیا ہے۔ ابھی آپ سٹیل بھی دیکھیں، اینٹ بھی دیکھیں، سب چیزیں دیکھیں، مزدور بھی دیکھیں کہ یہ کتنا اضافہ ہوگا اور اس میں ہم کیا ترقی کرینگے؟ اچھا ایک عجیب سی بات ہے اور دلچسپ بھی ہے، آپ ذرا غور سے سارے پڑھیں، صفحہ نمبر 69 پر اے ڈی پی نمبر 399، میرے پاس جو اے ڈی پی ہے، اس میں میرے پاس دو سو کلو میٹر روڈ ہے اور عجیب اتفاق ہے، رات کو میں اور میرا بیٹا زیاد درانی بیٹھے تھے، اسی پر ڈسکشن کر رہے تھے، میرے بیٹے کے اے۔ڈی۔پی میں دو سو پچاس کلو میٹر ہے، میرے اے ڈی پی میں دو سو ہے کلو میٹر روڈ، میرے بیٹے کی اے ڈی پی میں دو سو پچاس ہے اور ہمایون خان کی بجٹ تقریر میں چھ سو پچاس ہے تو ابھی ان تین فگرز کو، تین فگرز کو ہمایون خان، آپ ذرا نوٹ کر لیں کہ آپ کی بجٹ تقریر ٹھیک ہے، میری اے ڈی پی ٹھیک ہے یا میرے بیٹے کی ٹھیک ہے یا باقی جو میرے ساتھی ہیں، مجھے معلوم نہیں کہ ان کے پاس کیا ہے؟ تو آپ ذرا اس کی بھی نشاندہی کریں، ذرا دیکھ لیں۔ یہاں پر بجٹ تقریر میں سن کر مجھے خوشی ہوئی کہ مالاکنڈ کو دوسرے اضلاع سے ملانے کی Feasibility ہے لیکن میں خود بھی، میری محبت ہے مالاکنڈ کے لوگوں کے ساتھ اور وہ بہت تکلیف سے یہاں پر آتے ہیں، چترال کے لوگ بھی بڑی تکلیف سے آتے تھے، شکر ہے کہ وہاں پر ابھی ٹنل مکمل ہو رہا ہے اور چترال کی جو زندگی ہے، وہ صوبے سے سارا سال منسلک ہوگی اور اس میں رکاوٹ نہیں ہوگی، وہ Completion میں ہے، ہم نے مالاکنڈ ٹنل پر بڑا زور دیا۔ میں نے جرمن سفیر کو، میں نے جاپان کے سفیر کو بلایا، میں نے ڈائریکٹ

پریذیڈنٹ سے بات کی، میں نے پرائم منسٹر سے بات کی اور مالاکنڈ ٹنل کو میں نے پی ایس ڈی پی میں شامل کیا، اسلئے آپ کے Knowledge میں اضافے کیلئے کہ مالاکنڈ ٹنل کی ٹوٹل جو لمبائی دو کلو میٹر ہے اور اس میں سینتیس کلو میٹر ساتھ روڈ بھی ہم نے شامل کیا، پی ایس ڈی پی میں شامل ہے۔ ابھی شکر ہے وہاں پر آپ کی گورنمنٹ ہے، ابھی اس میں سے آپ نے پیسے نکالنے ہیں ٹنل کیلئے، پی ایس ڈی پی میں شامل ہے، سینتیس کلو میٹر روڈ بھی اور دو کلو میٹر ٹنل بھی اور سات ارب روپے صرف ٹنل کے اخراجات ہیں، Feasibility بھی بن رہی ہے، سب چیزوں پر ہم نے کام کیا ہے۔ میں بھی آپ کے ساتھ ہوں۔ آج اس ایوان کے ذریعے میں وفاقی حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ مالاکنڈ کے دور دراز علاقوں میں رہنے والوں پر رحم کریں اور اس ٹنل کیلئے جو سات ارب روپے ہیں، وہ وفاقی حکومت کیلئے کچھ بھی نہیں ہیں، اس کی منظوری دے کہ پشاور کو مالاکنڈ کے لوگوں کی بھی کوہاٹ ٹنل کی طرح آسانی سے آمد و رفت ہو۔ (تالیاں) یہاں پر میں نے دیکھ لیا مردان بائی پاس کی Feasibility، تو مردان کی Feasibility میں نے Already بنائی ہے ایف ایچ اے کے ذریعے، مردان بائی پاس کی Feasibility بنانے کی ضرورت نہیں ہے، Feasibility. بنی ہے، میں گزارش کرونگا کہ اسی سال مردان کے بائی پاس پر عملی کام شروع کرنے کی سفارش کرتا ہوں، میں اس کیلئے التجاء کرتا ہوں کہ Feasibility میں نے بنائی ہے، صرف اس پر ابھی کام کرنا چاہیئے۔ (تالیاں) اب آتے ہیں ہاؤس بلڈنگ پہ، بلڈنگ اور ہاؤسنگ کیلئے 2001-02 میں ٹوٹل ایلوکیشن آٹھ کروڑ، بیس لاکھ روپے ہے اور ہم نے 2007-08 میں اسے بڑھا کر ستر کروڑ، چالیس لاکھ روپے تک پہنچایا۔ اضافہ ابھی جو موجودہ اے ڈی پی میں ہے، اس میں ہاؤسنگ اور بلڈنگز کیلئے صرف نو کروڑ، اسی لاکھ روپے کا اضافہ ہے۔ ابھی آپ دیکھیں اخراجات اور یہ اضافہ کہ اس سے سال میں کتنا کام ہو سکے گا؟ یہاں پر ایک نگران حکومت بھی آئی تھی اور نگران حکومت کا کام صرف یہ تھا کہ وہ نگرانی کرے، لوگوں کو دیکھے کہ کوئی چیز ادھر ادھر نہ لے جائے لیکن انہوں نے وہ کام کئے کہ میں اس کو بیان نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کونسے کام کئے؟ یہ آپ سب کو معلوم ہے۔ ابھی مجھے خوشی ہے، میرا یہی مشورہ تھا کہ ہر ایک ضلع میں ریسٹ ہاؤس بھی ہو اور ایک بڑی جگہ بھی ہو کہ اگر کوئی 'وی وی آئی پی' باہر سے آئے تو ان کیلئے احترام کی جگہ ہو کیونکہ یہ عجیب سی بات ہے کہ اگر آپ کے پاس جگہ نہ ہو تو پریذیڈنٹ کو، پرائم منسٹر کو کسی کے گھر لے جائیں گے؟ باہر سے کوئی Delegation آتی ہے، سفراء آتے ہیں، ابھی میں نے بجٹ میں دیکھا، میں کہتا ہوں دس کروڑ روپے مردان کیلئے، اس سے بنا رہے ہیں

سرکٹ ہاؤس سے فرنٹیئر ہاؤس لیکن دس کروڑ روپے کم ہیں، اس میں اضافہ ہونا چاہیئے کیونکہ یہاں پر مردان ایک Main جگہ ہے، وہاں پر ضرورت ہے، بہت سارے زیادہ لوگ آتے ہیں، پریذیڈنٹ آئے گا، ابھی ہمارا چیف منسٹر جو ہے، وہ مردان سے تعلق رکھتا ہے، وہاں پر وہ دعوت دے گا تاکہ اس کیلئے وہاں پر ایک اچھی خاصی جگہ ہو لیکن عجیب سی بات یہ ہے کہ یہاں پر جب، پرائم منسٹر نے مجھے ایک دفعہ بات کی کہ میں آپ کے ساتھ ٹھہرونگا تو میں نے انہیں کہا کہ پھر آپ کو 'پی سی' میں ٹھہراؤنگا۔ انہوں نے کہا 'پی سی' میں نہیں، آپ کی کوئی جگہ نہیں، شاہی مہمان خانہ یا کوئی جگہ نہیں؟ میں نے کہا وہ اس طرح ہے کہ اس میں ہم لوگ جاتے ہیں لیکن وہ آپ کے قابل نہیں، تو پشاور کا جو کمشنر ہاؤس تھا، وہ میں نے فرنٹیئر ہاؤس Declare کیا اور میں نے اس کو اتنا خوبصورت بنادیا تھا کہ اگر پریذیڈنٹ ادھر آتے تو بھی وہ اس قابل تھا اور اگر پرائم منسٹر بھی آتے تو بھی وہ اس قابل تھا۔ آج چیف سیکرٹری صاحب نہیں ہیں، مجھے اس پر بھی افسوس ہے کہ یہاں پر سیکرٹری لیول کے جو لوگ ہیں، وہ بہت کم ہیں ورنہ میں تو ان کا چھ ماہ پہلے چیف منسٹر گزرا ہوں، اتنا وقت نہیں گزرا۔ (قہقہہ) سیکرٹریز بھی ہونے چاہئیں تھے اور چیف سیکرٹری بھی کہ وہ بھی میری باتوں کو سنیں کیونکہ ان کے ساتھ میری بہت سی باتیں ہوئی ہیں، میرے پاس چیف سیکرٹری By hand ایک سمری لائے، ہم نے ریجنل کوآرڈینیٹر، آر۔سی۔او کو جو بحال کیا تھا پشاور میں، کوہاٹ میں، بنوں میں اور پھر دوسرا مالاکنڈ میں لانا تھا ریجنل کوآرڈینیٹر کہ آپ یہ دوبارہ ان کو دیں۔ میں نے کہا کہ ریجنیل کوآرڈینیٹر ہمارا اپنے سیکرٹری لیول کا آدمی ہوتا ہے بیس یا اکیس گریڈ کا، ہمارے پاس بہت زیادہ Residential جگہیں ہیں، ہمارے پاس دفاتر بھی ہیں، اس سمری پر میں نے لکھ دیا، میں نے کوہاٹ کے کمشنر ہاؤس کو بھی جو فرنٹیئر ہاؤس Declare تھا، ایبٹ آباد کو بھی، سوات کو بھی اور بنوں کو بھی، میں نے اس کو Reject کیا کہ یہ فرنٹیئر ہاؤس ہونگے اور اس میں وی۔آئی۔پی لوگ آئیں گے اور یہ ہماری عزت کی جگہ ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ جب میں چلا گیا اور وہی سمری شمس الملک صاحب کے پاس آئی تو انہوں نے شاید پڑھی ہو گی یا نہیں پڑھی ہو گی لیکن ایک Elected چیف منسٹر نے Reject کیا ہے اور شمس الملک صاحب نے ان سے کہا کہ نہیں فرنٹیئر ہاؤس پشاور کا نہیں، اس کو میں ریجنل کوآرڈینیٹر کا گھر اور دفتر بنا رہا ہوں تو یہ ہمارے Elected لوگوں کی توہین ہے، یہ Insult ہے۔ چیف منسٹر تو موجود نہیں ہیں لیکن میں ان سے اس ایوان کے توسط سے کہونگا کہ آپ ایک Visit کرلیں، آپ جائیں پشاور کے ریجنل کوآرڈینیٹر کے گھر کو دیکھیں، اگر وہ پریذیڈنٹ لیول کے رہنے کے قابل ہو تو میری بات مانیں اور اس کو دوبارہ فرنٹیئر

ہاؤس Declare کر لیں۔ اگر آپ کوہاٹ والے کو دیکھیں تو آپ اس کو دوبارہ فرنٹیئر ہاؤس Declare کریں اور آپ اگر بنوں والے کو دیکھیں کہ وہ اس قابل ہے کہ پریذیڈنٹ، پرائم منسٹر یا میرے یہاں وزراء ہیں، یہ ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں، یہ ابھی کوہاٹ جائیں گے تو وہاں کسی دوست کے گھر میں رہیں گے؟ اگر کوہاٹ میں فرنٹیئر ہاؤس ہو تو وہاں پر میرا ایک منسٹر عزت کے ساتھ لوگوں سے مل سکتا ہے۔ اگر سوات میں، سوات میں بھی ابھی ریجنل کوآرڈینیٹر گیا ہے، میرا خیال ہے کہ وہ فرنٹیئر ہاؤس بھی ابھی ختم ہو رہا ہوگا، مجھے معلوم نہیں کہ اس کو بھی ختم کیا ہے؟ تو میں اس ایوان سے بھی گزارش کرونگا کہ وہ میری سپورٹ کرے اور اس تبدیلی کو دوبارہ چیف منسٹر بحال کریں۔ پشاور والے کو بھی فرنٹیئر ہاؤس Declare کریں، بنوں والے کو بھی، کوہاٹ والے کو بھی اور سوات والے کو بھی اور ایبٹ آباد کا میں نے کیا ہے کہ وہاں بھی ابھی کمشنر جائے گا تو وہ اس میں بیٹھے گا تو وہاں پر ہمارے ایم پی ایز اس میں بیٹھے ہیں، وہاں پر ہمارے وزراء اس میں بیٹھے ہیں تو یہ بھی میری ایک گزارش ہے اس ایوان کے توسط سے۔ اربن ڈویلپمنٹ میں، آج یقیناً میرے دل کو دکھ پہنچا ہے کیونکہ اس ایوان میں ایسی روایات نہیں ہیں، اس صوبے میں ایسی روایات نہیں ہیں، اے ڈی پی نمبر 624 پر پشاور میں میں نے 'مفتی محمود فلائی اوور' کیلئے چھبیس کروڑ روپے رکھے تھے اور ایک منتخب وزیر اعلیٰ گیا، جس نے اس کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ آج میرے مفتی محمود کا نام نکالا گیا ہے، میں اس پر احتجاج کر رہا ہوں۔ ہم جس انداز سے باچا خان کی عزت کرتے ہیں کہ وہ ہمارے رہبر ہیں، اس طرح ہم ان کی بھی عزت کرتے ہیں لیکن اگر میرے مفتی محمود کی کوئی عزت نہ کرے تو یہ دل کو دکھ پہنچانے والی بات ہے۔ میں آج اس ایوان کے ذریعے کیونکہ بعد میں پھر میں الگ انداز سے اس اجلاس کو جاری رکھونگا، اس کیلئے میں ابھی اپنی پارلیمانی پارٹی سے بات کرونگا کہ اگر چھبیس کروڑ روپے سے میں نے پشاور کے لوگوں کیلئے بنانا تھا جیل کے سامنے سے چارسدہ روڈ تک، جو باچا خان چوک ہے، وہاں پر میں نے فلائی اوور کا افتتاح کیا تھا، چھبیس کروڑ روپے بھی رکھے تھے، ٹینڈر ہونے والے تھے لیکن اس کو اس اے ڈی پی سے نکالا گیا ہے۔ میں رحیم داد خان سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ آپ کے خود بھی اس خاندان سے بڑے اچھے تعلقات ہیں، آپ کے مفتی محمود صاحب سے بہت اچھے تعلقات تھے، آپ کے مولانا فضل الرحمان صاحب سے بہت اچھے تعلقات ہیں۔ میں نے ابھی ڈسٹرکٹ کونسل ہال بنوں کو پورے کا پورا گرایا تھا چونکہ ابھی وہاں پر ضلع کونسل کا اجلاس ہوتا ہے، بہت خوبصورت بنایا لیکن وہاں پر نام تھا باچا خان کا، میں نے کہا کہ ہال سے زیادہ خوبصورت باچا خان کا نام لکھنا چاہیئے۔ (تالیاں) دوبارہ میں

نے وہاں پر بورڈ لاکر لگادیا کیونکہ باچاخان ہمارے رہبر ہیں، وہ ہمارے لئے قابل احترام ہیں اور جس طرح وہ ہال خوبصورت ہے، اس طرح باچاخان کے نام کا بورڈ بھی خوبصورت ہونا چاہیے۔ اگر ہم ایک دوسرے کی لیڈرشپ کے نام مٹانے کے پیچھے لگ جائیں تو پھر ہم ایک جگہ نہیں بیٹھ سکتے، ہم ایک جگہ نہیں چل سکتے، تو بڑے ادب سے میری گزارش ہے کہ اس کو فوری طور پر اے ڈی پی میں بھی شامل کریں، ابھی گیارہ فلائی اوور میں سے پشاور کی اے ڈی پی میں صرف اس کی Feasibility ہے۔ میں تو کہہ رہا ہوں کہ پشاور میں ٹریفک کی تکلیف ہے، اس کیلئے یہ فلائی اوور بھی شامل کریں اور دس گیارہ جو نئے ہیں، وہ بھی بنائے جائیں لیکن ان کو آپ جب بنائیں گے تو ایک سال آپ کی Feasibility پر لگے گا اور اس فلائی اوور کا سنگ بنیاد میں نے رکھا ہے، صرف ٹینڈر وہاں پر کروانے ہیں اور اس پر کام کروانا ہے۔ جب یہاں سے آپ جیل روڈ سے چارسدہ جائیں گے تو ڈائریکٹ اوپر سے جائیں گے، ابھی جو Blockade ہے، وہ نہیں ہوگا۔ دوسرا یہاں پر پریس میں بہت اچھالا گیا کہ پشاور کیلئے پیکج دیا گیا، اس پر میں خوش ہوں، پشاور ہمارا شہر ہے، یہ ہمارا دارالخلافہ ہے، اس کو ہم جتنا بھی خوبصورت بناتے ہیں، میں تائید کرتا ہوں کہ اس میں اتنا اضافہ کیا جائے لیکن یہاں پر اس کیلئے صرف ستر کروڑ روپے رکھے ہیں، سترہ کروڑ روپے خرچ کرنے ہیں اور ٹوٹل ہیں ستر کروڑ روپے۔ ابھی جو فلائی اوور آپ بناتے ہیں، اس کیلئے کوئی کنٹریکٹر نہیں آئے گا۔ جتنی Amount آپ اس کیلئے رکھتے ہیں، یہ بالکل صرف دکھاوے والی بات ہے لیکن یہاں پر ہم نے خود بھی ملک سعد شہید کا فلائی اوور بنایا، یہاں پر ہم نے سرکلر روڈ بنایا، پشاور کے اور روڈز بنائے، اس کی Amount میں ابھی چونکہ آپ کے سامنے نہیں پیش کر سکتا، کافی Amount ہے، میں پریس والوں کو دے رہا ہوں کہ پشاور کیلئے پچھلے سال ہم نے کیا کیا تھا اور ابھی موجودہ حکومت نے کیا کیا؟ اس کا موازنہ کریں کہ ہماری گورنمنٹ میں زیادہ تھی یا اس موجودہ حکومت میں پشاور کیلئے Development زیادہ ہے؟ واٹر سیکٹر میں 02-2001 میں ٹوٹل بتیس کروڑ، ساٹھ لاکھ روپے تھے، یہ ہم نے بڑھا کر 08-2007 تک ایک ارب، چونتیس کروڑ روپے کردیے۔ اس سال ایک ارب، ستائیس کروڑ، اسی لاکھ روپے ہیں اور صاف پانی بہت ضروری ہے لیکن یہ آپ دیکھ لیں، آپ نے اس میں کمی کی ہے، اضافہ نہیں کیا ہے بلکہ چھ کروڑ، نوے لاکھ روپے واٹر سیکٹر میں آپ نے پچھلے بجٹ سے کم رکھے ہیں، تو بجائے اس کے کہ آپ زیادہ رکھتے، آپ لوگوں نے کم رکھے ہیں چھ کروڑ، نوے لاکھ روپے۔ ابھی ہے ٹورازم، سپورٹس، 02-2001 میں دو کروڑ، ساٹھ لاکھ روپے تھے، ان کو ہم نے بڑھا کر پچیس کروڑ، ساٹھ لاکھ روپے کر

دیا۔ ابھی 2008 میں اس میں جو اضافہ ہوا ہے، وہ صرف ستر لاکھ روپے کا ہوا ہے پورے سپورٹس، ٹورازم میں۔ پاؤر سیکٹر میں 02-2001 میں ایک کروڑ، اسی لاکھ روپے تھے، ہم نے 08-2007 میں ان کو انتالیس کروڑ، بیس لاکھ کر دیا اور ابھی پاؤر سیکٹر میں صرف تین کروڑ، ستر لاکھ کا اضافہ ہوا ہے۔ تعمیر سرحد پروگرام جو ہے، یہاں پر ہمارے پرانے ایم پی ایز بیٹھے ہیں، سکندر شیر پاؤ صاحب بھی ہیں، ہمیشہ کچھ گلے ہوتے رہتے ہیں گورنمنٹ سے اپوزیشن کے، میرے پاس آئے اور مجھ سے مطالبہ کیا کہ یہ پچاس لاکھ روپے کم ہیں اور آپ نے اس کو ایک کروڑ کروانا ہے تو میں نے اپوزیشن ممبران کے آنے پر اور وہاں بیٹھنے پر اس کو ایک کروڑ روپے کر دیا۔ ابھی بلوچستان کی حکومت فی ایم پی اے ڈھائی کروڑ روپے دے رہی ہے، آپ نے بلوچستان کا بجٹ دیکھا ہوگا، بلوچستان کے ہر ایک ایم پی اے کو ڈھائی کروڑ روپے مل رہے ہیں تو میں اپنی اپوزیشن اور سارے ایم پی ایز کی طرف سے یہ گزارش کرونگا کہ جتنے ریٹس بڑھ گئے ہیں، ایک کروڑ روپے سے بھی مزید کام نہیں ہو سکتا تو اس کو آپ کم از کم دو کروڑ روپے کریں تاکہ یہاں پر جو ایم پی ایز ہیں، ان کیلئے کم از کم کچھ نہ کچھ تو وہاں پر، یہی ایک رقم ہوتی ہے ایم پی ایز کیلئے کہ وہ کہیں جا کر اعلان کریں، اس کے ہاتھ میں کچھ ہوتا ہے، وہاں پر اگر کسی نے چائے کی دعوت کی ہو اور وہ دس لاکھ، پانچ لاکھ، دس ہزار روپے دے دیں تو وہ کم از کم چائے کی دعوت کرنے پر خوش ہوگا ورنہ پھر وہ گالیاں دیتے ہیں کہ چائے بھی پی لی اور کوئی کام بھی نہیں کیا۔ (تالیاں) ریجنل ڈیویلپمنٹ سیکٹر میں اے۔ڈی۔پی نمبر 773 پر Special Package for Deployment صوبہ سرحد، یہ بھی ایک عجیب سا مجھے لگا اے ڈی پی میں۔ یہ پندرہ سو ملین روپے On going میں آئے ہیں چونکہ پچھلی بجٹ تو میں نے تیار کی تھی، On going میں پندرہ سو ملین آئے ہیں لیکن وہاں پر ہیں نہیں، جاری سکیموں میں پندرہ سو ملین وہاں پر نہیں ہیں۔ ابھی مجھے یہ بتا دیں، وضاحت کر لیں کہ یہ پندرہ سو ملین جو On going میں ہیں، وہ تو میں نے پرانے 'On going' میں دیکھا تو نہ وہ New میں ہیں، نہ 'On going' میں ہیں، آپ لوگوں نے کہاں سے لا کر پندرہ سو ملین On going کا ایک مد ڈالا ہے؟ دوسرا محکمہ اوقاف، مجھے ویسے بھی خطرہ تھا کہ اس میں کچھ کمی لائیں گے، ابھی دینی مدارس، دارلعلوم، مساجد کیلئے پچھلی گورنمنٹ نے دو کروڑ، تینتیس لاکھ روپے رکھے تھے، ابھی موجودہ گورنمنٹ نے ان کو دو کروڑ، تیرہ لاکھ کر دیا، بیس لاکھ اس میں کمی کی گئی ہے۔ میرے خیال میں وہاں پر مہنگائی، آٹا اور یہ چیزیں تو مہنگی ہیں لیکن یہ بیس لاکھ روپے کی کمی، مجھے عجیب سی لگ رہی ہے دینی مدارس سے یہ کٹوتی۔ ایک اہم مسئلہ، رحیم داد چلے

یو ښه بجټ راغےاو دوئ ټولو ته ډیرے فائدے به ملاؤ شی خو زهٔ دلته کښ چونکه د صوابئ د علاقے په Presentationناسته یمه نو زهٔ د ټولے فرنټیئر، پختونخوا نه علاوه به د صوابئ چه کوم زمونږ مسائل دی، په هغے باندے لږ زیاتے خبرے کوم جی۔ د ټولو نه مخکښے زهٔ به د تعلیم په باره کښ خبره اوکړم چه د تعلیم دپاره نن ډیره د خوشحالئ خبره ده چه حکومت یویشت بلینه روپئ مختص کړے په دومره لړو وسائلو کښ، چه دومره ډیرے پیسے دی۔ اپوزیشن لیډر صاحب اووئیل چه کمے دی خو زهٔ وایم چه په دے حالاتو کښ او په دے لږ وخت کښ دا زمونږه د پاره کافی ډیرے دی خو چه مونږه اوس د دے نه صحیح فائده واخلو، زهٔ به دلته کښ د صوابئ خبره ا وکړمه چه دا د تیرو شپتو کالو نه ډیره روستو په شا ضلع ده، نو د دے چه کوم مسائل دی، زهٔ به اوغواړمه چه تاسو ته لږ په لږه زر زر اووایمه چه په دے کښ زمونږه سره کوم سکولونو دی؟ پرائمری، خاصکر د جینکو سکولونه ډیر کم دی، کالج چه دے نو صرف یو ډګری کالج دے او نور چه ورسره کوم هائر سیکنډری دی، هغه صرف دوه دی۔ په دے بجټ کښ کومه حصه زمونږ ایجوکیشن صوابئ لره راځی نو زهٔ به غواړمه چه د وزیر اعظم خاص کوم د هغوی سپیشل فنډ دے نو که چرته هغه کمے کوی نو هغه د خپله هغه حصه زمونږه د صوابئ ډسټرکټ لره ورکړی، د هغے په وجه به سکولونه Up grade شی۔ ډیر سکولونه دی په دے وخت کښ زمونږ په صوابئ کښ چه هغه پرائمری سکولونه دی خاصکر، هغوی د کرایے په بلډنګونو کښ اوسیږی او هلته کښ اوس د امتحانونو ورځے چه وے نو هغوی ورله خپلے کرایانے زیاتے کړے۔ ورته ئے وئیل چه یا خو تاسو کرایه زیاته کړئ یا که نه وی نو تاسو د سکولونو نه اوځئ، او دا ټول د جینکو سکولونه وو، نو زهٔ به غواړمه چه په دے بجټ کښ داسے اوشی چه نوے بلډنګونه ورکړے شی۔ بله خبره داده چه زمونږه سکولونه ډیر لرے لرے ځایونو کښ دی او د جینکو د پاره تلل راتلل ډیره ګرانه خبره ده، نو مونږه وایو چه که ګورنمنټ خاصکر ایجوکیشن منسټری د دے د پاره د سکول Transportation انتظام اوکړی نو دا به ډیره ښه وی او د دوئ دپاره Common wayهاسټلے جوړے کړی چه دکوم ځائے نه راځی د سکولونو په بسونو کښ او په هغے هاسټلوکښ هغوی اوسیږی۔ بله یوه قابل

ستائش خبره دا ده چه حکومت دا ټل دوه سوه روپئ هره میاشت هرے جینئ له مقرر کړے نو دا ډیره د خوشحالئ خبره ده۔ د دے د پاره Drop out rate چه دے نو هغه به کم شی او د جینکو د پاره د خوشحالئ او د Incentives خبره ده نو هغوی به راځی او Enrolment به ورته زیات شی۔ بله زۀ داغواړمه چه زمونږه د ښځو هلته کښ مسائل ډیر زیات دی نو د ای۔ډی۔او ایجوکیشن، د سړو او د ښځو آفس یو دے، په دے وجه هلته کښ څه کیږی؟ چه زمونږه کومے ښځے ټیچرانے راځی نو هغوی ته ډیر پرابلم دے، هلته کښ د پردے خبره ده۔ چه هغوی د ای۔ډی۔او آفس ته راځی او خپلے ډی۔ای۔او سره ملاویږی نو هلته کښ بیا هغوی خپل رونړه لیږی، څوک خاوندان او څوک څی او د هغوی هغه پرابلم Solve کوی خو هغوی پخپله نه شی تللے ځکه چه هلته د سړو دومره ډیر رش وی چه یوه ښځه هلته کښ نه شی تللے نو زۀ به دا ریکویسټ کومه سی ایم صاحب ته چه هغوی سپیشل په دے بجټ کښ د ښځو چه کومه فیمل ډی۔ای۔او ده، چه هغے له بیل آفس جوړ شی او په هغے کښ چه کوم ټول لوئر سټاف دے، چه د هغے هغه نور کوم کلریکل سټاف دے نو ټولے د ښځے واغستے شی نو ښځو ته به لږ Approach هم آسان شی او دا خبره به ډیره Easy او پردے کښ هم پاتے شے او دا بلډنګ د د هغے نه بیل شی۔ بله خبره، اوس زمونږه ایجوکیشن خو دا دے چه حکومت اعلان اوکړو د میډیکل کالج د پاره او یو د جینکو د کامرس کالج د پاره، دا زمونږه د ټولو د پاره ډیره د خوشحالئ او د مبارکئ خبره ده چه زمونږه جینکئ، زمونږه ښتنے به راشی او انشاء اللّٰه د باچا خان او زمونږه د پارټئ دا عزم وو چه مونږه به د بچو نه کلاشنکوف لرے کوؤ او قلم به ورکوؤ نو انشاءاللّٰه که زمونږه دا ټولے پالیسئ هم دغه شان روانے وی نو د هغوی نه به کلاشنکوف څی او قلم به ئے انشاء اللّٰه په لاس کښ راځی او مونږه ټول به پرے مخکښے راوان یو انشاء اللّٰه تعالیٰ۔ اوس جی زما دویمه خبره، زۀ به هیلتھ ته راشم چونکه زۀ ډاکټره یمه نو لږ د هیلتھ به زر زر توجه سره واورئ جی۔ زمونږه د صوابئ چه کوم پاپولیشن یا آبادی ده نو تقریباً پندره لاکھ ده-----

<u>جناب سپیکر</u>: دا بی بی ډیر ښه تجویزونه ورکوی نو مهربانی اوکړئ، دا لږ وارئ جی۔

*محترمہ یاسمین نازلی جسیم:* زمونږه دصوابئ چه کوم پاپولیشن دے نو هغه تقریباً پنځلس لکهه دے۔ اوس په پنځلس لکهه کښې په دے ټول ډسټرکټ صوابئ کښې صرف یو ډی ایچ کیو هسپتال دے او نور ورسره یو څلور، درے آر ایچ سیز دی، Rural Health Supportچه کوم Hospitalsدی، R.H.Csدی او ډیر کم ورسره دغه شان بی ایچ یوز دی چه کوم Properly workنه کوی۔ اوس چه کوم زمونږه آر ایچ سیز دی نو د دے ټولو دا پرابلم دے چه ډی ایچ کیو یو دے، اوس په دے نوی بجټ کښې زمونږه اعلان شوے دے چه نوے کمپلیکس به جوړیږی خو هغه کمپلیکس لا شروع شوے نه دے، نو د صوابئ خلقو ته دومره غټ پرابلم دے چه زمونږ د پاره په هغه ډی ایچ کیوهسپتال کښې صرف یو سرجن دےاو یوه ګائناکالوجسټ ده، هغوی تر دوه بجو پورے خو کار کوی، پس د دوه بجو نه هغوی پرائیویټ کار کوی۔ هغوی مجبور دی او ولے به نه کوی؟ ځکه چه بیا هغه زمونږه او۔ټی او نور څیزونه په Working formکښې نه وی نو مونږه دا غواړو چه زیات نه زیات سټاف، لکه Double او Triple سرجن سپیشلسټ او ګائناکالوجسټ له د هم په دے ډی ایچ کیو کښې جاب ورکړے شی او چه کوم زمونږه کمپلیکس راروان دے نوے، چه په دے کښې هم دغه شان وی چه هر وخت د صوابئ خلقو ته دا Facilityد هیلتھ ملاویږی۔ بله خبره داده چه په ټول ډسټرکټ صوابئ کښې بلډ بینک نشته سرکاری، د هغے په وجه پس د دریو بجو نه مونږه هلته هیڅ قسمه آپریشن نه شو کولے، هغه ځکه چه بلډ بنک نشته نو زهٔ غواړمه، د نوی زمونږه د سی ایم صاحب نه او زما د پارټئ نه زمونږه ډیر امیدونه دی چه د باچا خان په نوم باندے دوه، کم از کم دوه بلډ بینکونه جوړ شی، یو په صوابئ کښې چه هغه 24 hoursکار کوی او یو په ټوپئ کښې، د دے نه به خلقو ته ډیره زیاته فائده وی ځکه چه اکثر خلق د بلډ د کمئ په وجه مړه کیږی۔ بل دا دے چه د ماشومانو خاصکر هغه ماشومان چه نوے پیدا شی، د هغوی د پاره هغه یونټ نشته چه کوم سپیشلسټ ډاکټر وی، Incubatorورته وائی چه ماشوم پکښې واچوی او هغه د څه وخت پاره وی او هغه بیا ژوندے پاتے شی۔ د هغے وجے نه بیا داسے چل اوشی چه مونږه هغه خپل ماشوم چه نوے پیدا شی، نو هغه سره Facilityپه ټوله صوابئ کښې نشته، Even پرائیویټ هاسپټل کښې هم

نشتہ نو هغه مونږه مردان او که په مردان کښې هم نه وی نو چه ترڅو لیډی ریډنگ ته ئے رارسوؤ نو زمونږه هغه ماشوم Expire شوے وی نو تاسو به ډیره مهربانی اوکړئ، زمونږه دے بجټ سره چه که چرے زمونږ دا بجټ کم وی نو د وزیر اعظم خاص چه کوم فنډ دے، زمونږ هیلتھ او ایجوکیشن کښې به هغه اولګوئ۔ مونږه ټول ستاسو، ټول ډسټرکټ صوابئ والا به ستاسو په دے مد کښې ډیر مشکور یو۔ ډیره ډیره مهربانی، سپیکر صاحب او اوریدونکو چه تاسو مونږه له ښه ټائم راکړو۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ، بی بی۔ محمد شجاع خان، منسٹر فوڈ۔

جناب محمد شجاع خان(وزیر خوراک): سر! ایک پوائنٹ Clear کرنا چاہتا تھا۔ درانی صاحب نے ایک بات رکھی ہاؤس میں مفتی محمود صاحب فلائی اوور کے متعلق، تو مفتی محمود فلائی اوور جو سکیم ہے، وہ 480 نمبر پر اس پراونشل اے ڈی پی میں موجود ہے اور اسی نام سے موجود ہے۔ ہم درانی صاحب کی بڑی عزت کرتے ہیں، ہم مفتی محمود صاحب، وہ ہمارے بزرگ تھے، کی بھی عزت کرتے ہیں۔ وہ صرف انکو شاید اسلئے پتہ نہیں چل سکا کہ وہ اربن ڈیویلپمنٹ کے اس ذمرے میں شامل ہوئی تھی اور اس میں چونکہ فنڈنگ اتنی Involve تھی، جس کیلئے ہم نے فیڈرل گورنمنٹ کو Approach کیا۔(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب وجیہہ الزمان صاحب۔ نشتہ؟ حاجی قلندر خان لودھی صاحب۔ جناب غلام محمد صاحب۔

جناب غلام محمد: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، مجھے بجٹ 2008-09 پر اظہار خیال کا موقع فراہم کرنے کیلئے۔ جناب سپیکر! بجٹ حکومت وقت کیلئے دشوار مرحلہ ہوتا ہے کیونکہ بجٹ کے ذریعے حکومت کے ارادوں اور پالیسیوں کا اندازہ لگایا جاتا ہے کہ حکومت عوام کی اجتماعی فلاح و بہبود کیلئے کتنی مخلص ہے؟ جناب والا! ہم نے حکومتی بنچ میں شامل نہ ہوتے ہوئے بھی شروع دن سے یہ تہیہ کر رکھا ہے کہ حکومت کے ہر اچھے اقدام اور پالیسیوں کی ہم کھلے دل کے ساتھ حمایت کریں گے اور کوتاہیوں کی نشاندہی اپنی سمجھ کے مطابق کرتے رہیں گے۔ اسی تناظر میں ہم نے Budget proposals کا مطالعہ کیا۔ بجٹ کے حوالے سے ہمارے ہاں یہ روایت رہی ہے کہ اپوزیشن والے بجٹ کو الفاظ کا ہیر پھیر قرار دیتے ہیں اور حکومتی ارکان عوامی خواہشات کے مطابق قرار دے کر اسکا بے جا دفاع کرتے ہیں۔ میں نے اپنی انکھوں سے تعصب اور جانبداری کی عینک اتار کر بجٹ پر نظر دوڑائی ہے۔ میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں

کہ موجودہ حالات میں صوبے کے پاس دستیاب وسائل اور درپیش مسائل کے تناظر میں اس بجٹ کو Development orientedاور Peoples forecasted budget قرار دیا جاسکتا ہے، اس لئے حکومت واقعی قابل تحسین ہے۔ جناب سپیکر! میں اس صوبے کے انتہائی دورافتادہ اور پسماندہ حلقہ PF 90(II) کی نمائندگی کررہا ہوں جو اپر چترال کی دشوار مگر خوبصورت وادیوں پر مشتمل علاقہ ہے۔ یہ حلقہ 8600 کلومیٹر رقبے پر پھیلا ہوا ہے اور دور جدید کی سہولیات سے محروم چلا آرہا ہے۔ یہ پسماندہ علاقہ ترقیاتی بجٹ میں مذکورہ تمام سیکٹرز میں خصوصی توجہ کا متقاضی ہے۔ تمام Development budget کے حجم اور اس میں رکھی گئی گنجائش کے پیش نظر چند ایک سیکٹرز کو میں اپنی ترجیحات میں شامل کرنے کیلئے حکومت اور خصوصاً وزیراعلیٰ صاحب سے اس پورے ایوان کی وساطت سے گزارشات پیش کررہا ہوں۔ جناب والا! ترقیاتی بجٹ میں مختلف سیکٹرز میں Need basis allocation funds رکھے گئے ہیں اور اس گنجائش کو سامنے رکھتے ہوئے حلقہ PF-90 چترال کے پسماندہ علاقے کو Accommodate کرنے کیلئے درخواست گزار ہوں۔ نمبر1، ایجوکیشن سیکٹر اے۔ڈی۔پی نمبر 80446 میں دوسو پرائمری سکولوں کے قیام کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں، میری گزارش ہے کہ میرے پسماندہ حلقے کیلئے کم از کم پانچ پرائمری سکول دیئے جائیں۔ (تالیاں) اے۔ڈی۔پی نمبر 80589 میں دوڈسٹرکٹس میں Lady Teachers Mobility Programme شروع کرنے کی تجویز ہے، گزارش ہے کہ اس پروگرام میں ضلع چترال کو بھی شامل کیا جائے۔ اے ڈی پی نمبر 70096 میں ایک ہزار ایڈیشنل کلاس رومز تعمیر کرنے کیلئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، میں گزارش کرتا ہوں اس پروگرام میں اپر چترال کو Accommodate کیا جائے، اسکو حصہ دیا جائے۔ ای ڈی پی نمبر 70100 کے ذریعے پسماندہ علاقوں میں ٹیچرز کیلئے دس Cluster hostels تعمیر کرنے کی تجویز ہے، چونکہ حلقہ پی ایف 90 اپر چترال پسماندہ ترین علاقہ ہے لہذا کم از کم ایک ہاسٹل وہاں تعمیر کیا جائے۔ اسی طرح اے ڈی پی نمبر 80447 میں سو پرائمری سکولوں کو مڈل کا درجہ دینے کیلئے اور اے ڈی پی نمبر 80448 میں سو مڈل سکولوں کو ہائی سکول کا درجہ دینے کیلئے Need basis پر فنڈز رکھے گئے ہیں اور مجھے امید ہے کہ اپر چترال کو اس میں بھرپور حصہ دیا جائے گا اور کم از کم پانچ پرائمری سکولوں کو مڈل کا درجہ اور پانچ مڈل سکولوں کو ہائی کا درجہ دیا جائے۔ جناب والا! ایجوکیشن کے حوالے سے میں یہ بات اس یوان کے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں، بچوں اور بچیوں کو سکول میں داخل کراکے Educate کرنے کا Trend ضلع

چترال میں سب سے زیادہ ہے۔ صوبے کے رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ضلع ہے جہاں پر اکثر علاقے آنکھوں سے اوجھل ہیں لیکن میں آپکو یقین دلاتا ہوں جناب سپیکر، اس میں ایک Ghost school بھی نہیں ہے اور جہاں پر سکول بنائے جانے کا پروگرام ہے، وہاں پر بچوں کی تعداد زیادہ ہے اور Feasibility میں بھی آجاتا ہے۔ امید ہے کہ ایجوکیشن سیکٹر میں Need base متعین کرنے کیلئے اس حقیقت کو مدنظر رکھا جائے گا۔ نمبر 2، ہیلتھ سیکٹر، ہیلتھ سیکٹر میں Need basis کے اوپر اے ڈی پی نمبر 80643 میں دس بی ایچ یوز، آر ایچ سیز کو کیٹیگری ڈی ہسپتال کا درجہ دینے کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں۔ اسی طرح اے ڈی پی نمبر 80644 میں دس بی ایچ یو ز تعمیر کرنے کی تجویز ہے۔ اے ڈی پی نمبر 80645 کے ذریعے دس ڈسپنسریوں کو بی ایچ یو کا درجہ دینے کیلئے فنڈز Allocate کئے گئے ہیں اور اے ڈی پی نمبر 80646 میں تیس سول ڈسپنسری بنانے کیلئے گنجائش رکھی گئی ہے۔ میں اپنے حلقے کی پسماندگی اور غربت کے پیش نظر صوبائی حکومت سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اپر چترال میں کم از کم ایک آر ایچ سی کو کیٹگری ڈی ہسپتال۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ارشد عبداللہ صاحب، منسٹر لاء۔ مائیک آن کریں ارشد عبداللہ صاحب کا۔

جناب ارشد عبداللہ (وزیر قانون و پارلیمانی امور): گزارش ہے جی آپ کے توسط سے تمام معززین اسمبلی سے کہ برائے مہربانی بحث میں زبانی حصہ لیں۔ Documents کو اگر یہ Refer کرنا شروع کر دیں تو یہاں پر تو لوگ پانچ پانچ سو Pages کے Documents لانا شروع کر دیں گے، تو بحث میں اگر زبانی۔۔۔۔

جناب غلام محمد: میری بات کو تو Complete ہونے دیں نا جی۔ میری بات کو تو Complete ہونے دیں۔ یہ میرا حق بنتا ہے کہ میں اسمبلی کے فلور پر کچھ بات کر سکوں۔ میں اسلئے آیا ہوں کہ اسمبلی کے فلور پر اپنے علاقے کے لوگوں کیلئے کچھ بول سکوں۔

جناب سپیکر: نہیں، میں سمجھ گیا۔ یہ۔۔۔۔۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: دوسری جی میری ایک چھوٹی سی گزارش اور بھی ہے کہ یہاں پر حلقوں تک یا ڈسٹرکٹ تک ایشوز کو، اس میں جانے کی بجائے Overall policy decision کو، بجٹ میں جو Decisions دیئے گئے ہیں، اس کے اوپر Criticism یا ان کو Appreciate کیا جائے بجائے اس کے

کہ ہم یعنی ڈسٹرکٹ لیول پر جائیں یا حلقے تک جائیں تو Overall صوبے کے لحاظ سے جو پالیسیز بنی ہیں، Formulate ہوئی ہیں، ان کے اوپر اگر بات کی جائے تو میرا خیال ہے زیادہ بہتر ہوگا۔

جناب غلام محمد: میری بات کو آگے جانے دیں۔

جناب سپیکر: لکھی ہوئی تقریر، کوشش کریں Avoid کریں، Points آپ بیشک لکھ کر لائیں اور اس سے پڑھیں۔

جناب غلام محمد: اچھا واٹر سیکٹر، جناب سپیکر، ضلع چترال میں عموماً اور خاصکر اپر چترال میں قدرتی آفات، سیلاب آئے روز کے معمول ہیں۔ ندی نالوں میں سیلاب کی وجہ سے اریگیشن چینلز اور Flood Protection Walls شدید متاثر ہوتے ہیں، میں اے ڈی پی نمبر 80328، اے ڈی پی نمبر 80329 اور اے ڈی پی نمبر 80331 میں موجود Provisions کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبائی حکومت سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ سمال اریگیشن سکیم کے تحت Improvement اور Rehabilitation, Rehabilitation and Construction of Flood Restoration Walls اور Improvement of Existing Flood Protection Walls کی مد میں اپر چترال کی سکیموں کو بھی شامل کیا جائے۔ اس کے علاوہ Need basis کی بنیاد پر اے ڈی پی نمبر 80639 میں سمال لفٹ اریگیشن سکیمز میں اپر چترال کے علاقوں کو بھی شامل کیا جائے، جہاں بہت زیادہ زرخیز علاقے دریا کی سطح سے اوپر واقع ہونے کی وجہ سے قابل کاشت نہیں ہیں۔ اس سے علاقے میں زراعت کی ترقی اور غربت میں کمی میں نمایاں پیش رفت ہوگی۔ وائلڈ لائف، اپر چترال میں وائلڈ لائف کی انواع واقسام موجود ہیں۔ میں اس ایوان کی وساطت سے حکومت کو تجویز پیش کرتا ہوں کہ اے ڈی پی نمبر 80488، 'Conservation and Development of Wild Life in NWFP' کے اندر اپر چترال کو ترجیحی بنیاد پر شامل کریں۔ اس سے یقیناً صوبائی حکومت کو مستقبل میں ریونیو کمانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ سب سے زیادہ جناب سپیکر، پاور، اس طرف آتا ہوں جناب والا، کہ ملک میں موجودہ بجلی کے بحران سے ہمارے پالیسی سازوں کی آنکھیں کھلنی چاہئیں۔ چترال بہتی ندیوں اور چھوٹے دریاؤں پر مشتمل وادی ہے جہاں پن بجلی کے بہت زیادہ Potentials موجود ہیں۔ چترال میں نیشنل گرڈ کی موجودگی اور محکمہ شیڈو کے زیر کنٹرول اپر چترال میں بجلی کی ٹرانسمیشن اور ڈسٹری بیوشن لائنز کا انفراسٹرکچر پہلے سے موجود ہے، اگر پن بجلی گھر بنائے جائیں تو پورے ملک کو بجلی کی ترسیل سے صوبائی

خزانے میں خاطر خواہ آمدنی کا اضافہ ہو گا جو کہ ہمارے صوبے کی ریونیو کا سب سے بڑا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ چونکہ ترقیاتی بجٹ میں Pre-feasibility study of potential hydel sites کیلئے Provision رکھی گئی ہے، میں گزارش کرتا ہوں کہ اپر چترال کے حلقہ پی۔ایف 90 میں موجود Hydel development potentials سے بھرپور استفادہ کرنے کیلئے اس علاقے میں Feasibility study کی جائے۔اس حوالے سے وادی لاسپور، وادی یاخون اور وادی تریچ اور ریچ میں پن بجلی کے بہترین Sites موجود ہیں جہاں 4000 سے 20000 میگاواٹ تک بجلی پیدا ہو سکتی ہے۔ اچھا ------'C.M Programme for Poverty Alleviation', ADP No.80629

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب! مختصر کریں، Conclude کریں۔

جناب غلام محمد: ایک منٹ جی، ایک منٹ جی۔ چونکہ اپر چترال صوبے کا پسماندہ ترین علاقہ ہے جہاں آمدنی کے ذرائع نہ ہونے کے باعث عوام غربت کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، اسلئے میں اپنے وزیراعلیٰ صاحب سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ اس خصوصی پروگرام میں اپر چترال کے غریب عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ حصہ مختص کریں۔ اس کے علاوہ اے ڈی پی نمبر 80590 جو کہ ڈسٹرکٹ اے ڈی پی پر مشتمل ہے، میں اس مقدس ایوان کی وساطت سے حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ ضلعوں میں ترقیاتی فنڈز کی تقسیم کیلئے ان کی پسماندگی اور غربت کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ صوبائی فنانس کمیشن کو ہدایات جاری کی جائیں کہ وسائل کی تقسیم کے حوالے سے Criteria کو Review کر کے حلقوں کی پسماندگی، دورافتادگی اور غربت کو پورا Weight دیں۔

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی منسٹر لاء۔

جناب غلام محمد: اس پس منظر میں اے ڈی پی نمبر 80591-----

وزیر قانون و پارلیمانی امور: جناب سپیکر صاحب! یہ ممبران صاحبان کو پتہ ہونا چاہیئے کہ They cannot refer to documents, زبانی مباحثے کریں یہاں پر اور بجٹ تک اپنے آپ کو Restrict نہ کریں۔ دیکھیں یہ پڑھنا جو ہے .It is completely not allowed یہ تو میرے خیال میں شروع کی بریفنگز میں ان کو بتا دینا چاہیئے تھا۔ This is against rules، بالکل، جو بھی ان کے پوائنٹس ہیں، زبانی ہاؤس کے سامنے لائیں۔ مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ، غلام محمد صاحب، شکریہ۔ آگے چلتے ہیں، جناب عنایت اللہ خان جدون صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر! میں نے کل کیلئے ریکویسٹ کی تھی۔

جناب سپیکر: جی؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: کل کیلئے کی تھی۔

جناب سپیکر: جناب محمد جاوید عباسی صاحب۔ سردار اورنگزیب نلوٹھ صاحب، نلوٹھ۔ وہ بھی نہیں ہیں۔ نلوٹھ صاحب، بات کرنا چاہتے ہیں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھ: جناب سپیکر! میں مشکور ہوں آپ کا کہ آپ نے مجھے سال 09-2008 کے بجٹ پر بحث کرنے کا موقع فراہم کیا۔ چونکہ ممبر منتخب ہونے کے بعد پہلی دفعہ مجھے ہاؤس میں بولنے کا موقع ملا تو میں اپنی زبان ہندکو میں سپیکر صاحب، میں تساں سپیکر منتخب ہونڑیں تے، تے ڈپٹی سپیکر ہاں ڈپٹی سپیکر منتخب ہونڑیں تے اور بڑے ہر دلعزیز وزیراعلیٰ، امیر حیدر خان ہوتی ہاں وزیر اعلی صوبہ سرحد منتخب ہونڑیں تے مبارکباد پیش کرناں۔ (تالیاں) اور جناب سپیکر صاحب، آج اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہزارہ ڈویژن میں، میں صبح ایبٹ آباد سے نکلا ہوں تو مجھے حسن ابدال پہنچنے تک کسی جگہ ڈیزل نہیں ملا، پورے ہزارہ میں ڈیزل کی سخت Shortage ہے اور گاڑیوں کی لائنیں قطاروں میں کھڑی ہیں۔ میں اس ہاؤس کے توسط سے آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن میں جو ڈیزل کی Shortage ہے، اس کو فی الفور ختم کیا جائے۔ عوام سخت مشکلات میں مبتلا ہیں، پورے صوبے میں لیکن ہزارہ ڈویژن میں، میں بالخصوص ہزارہ ڈویژن کی بات کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! کسی بھی حکومت کا بجٹ پیش کرتے ہوئے اس کی کارکردگی کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ میں مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھتا ہوں اور میری پارٹی جناب سپیکر صاحب، آپ کے ساتھ فی سبیل اللہ Coalition partner ہے۔ ہمیں، ہمیں بجٹ، (تالیاں) فی سبیل اللہ، پتہ نہیں آپ ہمیں Coalition partner تصور کرتے ہیں یا نہیں کرتے لیکن ہم نیک نیتی کے ساتھ حکومت سے تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! مجھے اس بات پر بھی بڑا اعتراض ہوا کہ بجٹ کے پہلے صفحے پر اسفندیار ولی خان کا نام لکھا گیا اور آصف علی زرداری صاحب کا نام لکھا گیا، میرا دل بڑا خوش ہوتا اگر وہاں پر میاں محمد نواز شریف صاحب کا نام بھی لکھا جاتا۔ (تالیاں) میرے قائد، پیر صابر شاہ صاحب بجٹ پر تفصیل سے روشنی ڈالیں گے، میں اتنا کہونگا کہ ہماری Coalition partner جماعت نے بہت اچھا بجٹ پیش

کیا، ہم اس کو Appreciate کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، ہزارہ ڈویژن کو سرے سے نظر انداز کیا گیا تمام محکموں میں۔ محکمہ تعلیم میں دیکھیں، صحت میں دیکھیں، جتنے محکمے ہیں، میں Kindly آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جناب سپیکر صاحب، ہزارہ ڈویژن انتہائی پسماندہ علاقہ ہے اور ہزارہ ڈویژن میں گزشتہ دو تین سالوں سے ہمارے پاس جو سہولیات تھیں، اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزمائش میں ڈال دیا، جو سڑکیں تھیں، جو سکول تھے، جو ہسپتال تھے، جو دوسری سہولیات تھیں، زلزلے کی وجہ سے تہس نہس ہو گئیں۔ اسلئے میں آنجناب سے گزارش کرتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن کو صوبہ سرحد میں خصوصی طور پر بجٹ عنایت فرمایا جائے تاکہ ہماری پسماندگی کا ازالہ ہو سکے۔ جناب سپیکر صاحب! اکرم خان درانی صاحب نے بڑی اچھی بات کی، جو اچھی بات انہوں نے کی ہے، میں اس کو Appreciate کرونگا، انہوں نے کہا کہ ہر اسمبلی ممبر کو ایک کروڑ روپیہ انہوں نے خود دیا تھا، آج فوراً دو کروڑ پر چلے گئے، میں بھی آپ سے درخواست کرونگا کہ دو، نہیں اڑھائی کروڑ روپے فی ممبر دیا جائے۔ (تالیاں) چونکہ اب ہمارا فنڈ آپ ریلیز کرینگے تو پھر اگلے سال ہمیں فنڈ ملے گا۔ ہم پورا سال اسی فنڈ پر اپنے عوام کو مطمئن کرنے کی کوشش کرینگے لیکن اکرم خان درانی صاحب نے "امبریلا فنڈ" کی روایت ڈال کر، میں سمجھتا ہوں کہ مجھ جیسے بہت سے عوامی نمائندوں کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ (تالیاں) امبریلا فنڈ ان ممبران کو ملتا ہے، ان نمائندوں کو ملتا ہے جو چیف منسٹر کے بڑے نزدیک ہوتے ہیں اور مجھ جیسے عوامی نمائندے اس سے محروم رہ جاتے ہیں۔ میں درخواست کرتا ہوں جناب سپیکر صاحب، آپ سے کہ فنڈز ممبران پر اس سے پہلے طریقے کے مطابق تقسیم کئے جائیں اور جب دو سو پرائمری سکول اے ڈی پی میں آتے ہیں تو بیوروکریسی والے ہمیں دس دس سکول پرائمری دے دیتے ہیں جبکہ ہمیں پرائمری سکولوں کی ضرورت نہیں ہوتی۔ میرے حلقے میں مڈل سکول کی ضرورت ہے، ہائی سکول کی ضرورت ہے تو ممبر کی مرضی کے مطابق انہیں پرائمری، مڈل یا ہائی سکول دیئے جائیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب! میں نے ایک لفظ اے ڈی پی کا نہیں پڑھا ہے، آپ نے حکم دے دیا ہے تو میں کھڑا ہو گیا ہوں۔ میری کتاب اس دن یہاں پر رہ گئی تھی۔ (قہقہے/تالیاں) میں جناب سپیکر صاحب، آپ کے حکم کو ٹال نہیں سکتا تھا، کل کا ٹائم لے نہیں سکتا تھا۔ اسی کے اجازت چاہتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ مجھے کل پھر آپ وقت دینگے۔ (قہقہے)

Mr. Speaker: Okay, thank you.

سردار اورنگزیب نلوٹھہ: جناب سپیکر! چونکہ میرا زلزلہ زدگان کے ضلع سے تعلق ہے، "ایرا" اور "پیرا" کے نام پر صوبائی اے ڈی پی سے اکرم خان درانی صاحب نے ہزارہ ڈویژن کے ان چار اضلاع کو نکال دیا تھا پچھلے سال، اس دفعہ میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ ہمیں اے ڈی پی میں انشاء اللہ شامل رکھیں گے۔ "ایرا" اور "پیرا" کا دفتر اسلام آباد اور پشاور میں ہے جبکہ زلزلہ ایبٹ آباد، مانسہرہ، شانگلہ، کوہستان میں آیا، مظفر آباد میں آیا۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ "ایرا" اور "پیرا" کے دفاتر متاثرہ اضلاع میں واپس بھیجے جائیں تاکہ عوام کو پریشانی نہ ہو۔ شکریہ سر، بڑی مہربانی۔

Mr. Speaker: Thank you. Mian Iftikhar Hussain Sahib, Minister for Information.

میاں افتخار حسین: ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ دا بجټ اجلاس دے او رښتیا خبره ده چه بجټ نه بغیر په دے باندے د بل څه خبرے اجازت نه وی خو تاسو د اکرم درانی صاحب او د پیر صابر شاه صاحب او بیا د هاؤس جذباتو ته مو اوکتل او د هغے په حواله باندے تاسو یو د Consensus په بنیاد د قرارداد اجازت ورکړو۔ ما دوئ ته خواست اوکړو چه دوئم سیشن شته دے، په هغے کښې به د هغے د پیش کولو کوشش کوؤ۔ د هغے په حواله، زهٔ بخښنه غواړم چه د بجټ اجلاس نه علاوه به زهٔ خبره کوم۔ په دے موقع باندے چه زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب نشته او د اپوزیشن لیډر صاحب چه کومے خبرے اوکړے، دا خبره ئے اوکړه چه که هغه وے نو ډیره به ښه وه۔ یقیناً چه دا احساس به هغه ته هم ضرور وی خو چه کله د صوبے مشری د سړی په غاړه شی نو، درانی صاحب ته به د دے خبرے ډیره ښه پته وی چه هغه به هم ډیرو اجلاسونو ته داسے باضابطه طور نه راتلو ځکه چه مجبورئ د سړی وی او نن د هغه مجبوری داده چه د مرکز نه خلق راغلی دی او چه څنګه تاسو ټولو ته د دے خبرے احساس شته دے چه د دے هر څه نه باوجود د Law & order situation زمونږه د پاره ډیر داسے حساس سبجیکټ دے چه په هغے باندے هر طرف نه خبره کیږی نو مونږ به هغے له اولیت ورکوؤ۔ نن د چیف منسټر صاحب په خپل کور کښې د مرکز مشران راغلی دی نو د دے په حواله باندے او داسے ورسره نور مشران ډیر ګنړ ناست دی چه هم په دے حواله خبرے کوی نو د هغه د غیر موجودګئ دا مطلب نه شو چه ګنی هغه ته به د دے خبرے احساس نه وی بلکه د دے ټولو خبرو جواب به هغه پخپله ورکوی۔ د دوئ د طرف

نه چه کوم نکات اوچت شوی دی نو زهٔ دا حق نه لرم چه گنی زهٔ د داسے جواب ورکړم چه گنی هغه زما کار نه دے او زهٔ هغه کار اوکړم۔ دا زما مشران دی او دوئ چه څه وئیلی دی، د دے صوبے د پاره ئے وئیلی دی، د صوبے په ګټه ئے وئیلی دی، د دے په حق کښ ئے وئیلی دی او زمونږ خواهش دے چه مونږه دا فضا هم دغه رنګ برقرار اوساتو، دا د مینے ،محبت۔ د بجټ په حواله باندے خو خبره کول چه څومره زمونږ حکومتی بینچ دے ، زمونږه مؤقف به هم واضحه وی خو دا دوه خبرے چه دوئ ډیرے مهمے اوچتے کړے ، یو په مهمند ایجنسئ کښ د امریکے له طرفه حمله، داسے به څوک وی چه هغه به په خپل وطن باندے د بل سړی حمله برداشت کړی؟ او مونږ چه د کوم سوچ او فکر خلق یو، مونږ د هغه سوچ او فکر خلق یو چه مونږ په ټوله دنیا کښ په هیچ چا باندے د تشدد حمایت نه کوؤ او زمونږ د وړومبئ ورځے نه واخلئ، چه کله نه زمونږه د سیاست ابتداء ده تر دے وخته پورے مونږ د مینے ، محبت او د ورورولئ خبرے کړے دی او په دے بنیاد به مونږه په هغه وخت کښ هم خلقو ته وئیل چه تاسو په هیڅ یو ملک کښ د مداخلت ملګرتیا مه کوئ۔ چرته چه څوک د بل چا په ملک کښ د مداخلت ملګرتیا کوی، د هغے جواز پیدا شی چه هغے کښ بیا مشکلات جوړیږی۔ وخت تیریدو، دومره وخت راغلو چه نن کومه حمله شوے ده، مونږه د هغے مذمت هم کوؤ، د تحقیقاتو مطالبه ئے هم کوؤ، څوک چه ذمه وار دی، هغوی ته د سزا هم ملاؤ شی او یو ځل نه دے، دوه ځله نه دی، د دے نه مخکښ هم شوی دی او په دے مهمند ایجنسئ کښ چه کله په مدرسه باندے ګولئ وریدلے وے ، د هغے د پاره چه مونږ کوم جلوس د هغے خلقو د ملګرتیا د پاره اوښکلے وو چه مونږ ته لارے بندے وے ، مونږه چا پریښودو نه۔ او زمونږه د پارټئ رهبر د اسفندیار ولی خان په قیادت کښ مونږه جلوس بوتلے وو، صرف په دے بنیاد چه مونږ د هغے مذمت هم کوؤ او په هغه مدرسه کښ هغه ماشومان چه هغه قطره قطره ماشومان وو او خپل سبق له تلل او هغه پکښ شهیدان شوی وو۔ د هغوی د مشرانو سره او د هغوی سره د همدردئ د پاره چه هغه ماشومان وو چه د هغوی غوښے په دیوالونو لګیدلے وے ، د هغوی سترګے د دیوالونو سره لګیدلے وے ، هغه واړه واړه ماشومان ئے چه راغونډول لکه د قصاب د دکان نه چه سړے غوښه

راغونډوی، داسے به کوم انسان وی چه په دے باندے به ئے زړه نه خوږیږی؟ داسے به څوک وی چه په دے باندے به نه ژاړی؟ زمونږه بچی پکښ مړه شوی دی، د دے خاورے مورا و پلار چه کوم دے شهیدان شوی دی، زمونږه نیکونه او پلاران شهیدان شوی دی، زمونږه هم مقبرے شهیدانے شوی دی، زمونږه جماعتونه شهیدان شوی دی، دلته قرآن شریفونه شهیدان شوی دی، زمونږه د دے ټولو خبرو احساس دے راسره او د دے احساس په بنیاد چه دا نن مونږه کوم دلته مذاکراتی عمل شروع کړے دے او مونږه د امن طرف ته چه کوم قدم اغستے دے، دا مو په دے بنیاد اغستے دے۔ که څوک پرے خفه کیږی، یو شل ځله د خفه شی۔ مونږ په پښتنه خاوره باندے امن غواړو، مونږ صلح غواړو او په هر قیمت باندے مونږه دا غواړو۔ *(تالیاں)* د دے د پاره مونږه د ډیرو مشکلاتو سره مخامخ یو، د هغے باوجود مونږه خپل مذاکرات روان کړی دی۔ دا مذاکرات د دے نه مخکښ هم کیدے شو، دا مشکلات د دے نه مخکښ هم هواریدے شو، خو مونږه داسے نه یو چه مونږ به وایو چه ګنی تیرو حکومتونو ذمه داری نه ده پورا کړے۔ د هر وخت خپلے خپلے مجبورئ او ذمه دارئ وی۔ مونږه چا ته طعنه نه ورکوؤ۔ مونږه دا هم نه وایو چه مونږ ته دا تکلیفو نه په وراثت کښ ملاؤ دی۔ مونږ دا هم نه وایو چه د تیرو حکومتونو غلطئی دی۔ مونږ دا وایو چه نن زمونږ په دے حالاتو کښ خپله ذمه داری ده چه د Law & order situation دے، مونږ به ئے Handle کوؤ، د حکومت په حیثیت نه، د ورورولئ په حیثیت دا هاؤس چه کوم دے، د دے ټولے صوبے ذمه دار دے۔ مونږ دے ټول هاؤس ته به دے کښ خواست کوؤ څنګه چه په هره مسئله کښ مونږ د یو بل سره ملګرتیا کړے ده، پکار دا دی چه د لاء اینډ آرډر سیچوئشن ډیر Sensitive دے۔ سپیکر صاحب، زۀ به ولے په دے خبره باندے دا وایم چه ګنی دے خلقو ته به پته نه وی، زۀ به احساس ورکوم؟ هر سړے زما نه زیات اهم دے او خلقو ته پته ده چه ډیر حساس مسئله ده۔ په دے خبره باندے ډیر په سوچ سمجھ باندے خبره پکار ده او کله چه مونږ یو خبره کوؤ، د هغے وړاندے روستو خبرو ته خا مخا سوچ پکار دے۔ خدائے د نه کړی، خدائے د نه کړی دا هور چه په کوم تیزئ سره خوریږی، نن خو لا بیا هم مونږ په هاؤس کښ ناست یو، یو بل سره خبرے کوؤ، خدائے خبر

چه دا موقع به بیا وی او که به نه وی؟ پکار دی چه مونږه دا موقع غنیمت او گنړو او نن په دے موقع باندے مونږ د ورورولئ د اظهار د پاره په داسے ښه فضا کښې خپل قرارداد ونه پیش کوؤ، که خپل سوچ او فکر پیش کوؤ، نو دا د نمبرو وخت نه دے، د خپلے پارټئ د مضبوط والی وخت نه دے، دا د ټولے خاورے د بچ کیدو وخت دے، په دے ټوله خاوره د امن د راوستو وخت دے او زمونږه ټول وجود ته خطره ده. دا زمونږه د ټولو شریک جنګ دے او زهٔ په ایمانداریٔ سره دا خبره کوم چه دے کښې هیڅ مبالغه زهٔ نه کوم، زهٔ به هیڅ چرے هم دا او نه وایمه چه د دے فائده د ما ته اورسی. د دے فائده که هر چا ته رسی خو زما خاوره د په امن شی او زما د بچی مستقبل د محفوظ شی. دا به زما مدعا وی. ګرانو ملګرو، د امریکے د طرف نه او که د هر یو طرف نه زمونږ په خاوره باندے حمله کیږی، مونږ ئے مذمت کوؤ. دے کښې دوه رائے نشته. هغه وخت به هم خلقو ته یاد شی چه چا به هندوستان کښې مداخلت کولو نو مونږ به وئیل چه پکار نه دی. خلقو به وئیل دا خو د هندوستان ایجنټان دی. نن ټوله دنیا د هندوستان سره د ورورولئ خبرے کوی. زمونږه هغه وخت هم یاد شی چه مونږ به وئیل چه افغانستان کښې مداخلت نه دے پکار او مونږه به دا هم وئیل چه تاسو هلته بمونه لیږئ نو ګلدستے به نه راځی. مونږ سره چا نه منل. نن هغه حالات دے ځائے ته راغلل. نن هم وایو چه خیر دے مونږ سره وخت شته. نن هم وایو چه د جذباتو او د دے خبره نه ده چه مونږه د صرف خپل حکومت د ښکته کړو یا د ځان اوچت کړو یا خپلے نمبرے د جوړے کړو. داسے نه ده. نن هم مونږ سره دا وخت شته چه د ډیر سوچ سمجھ او د ډیر عقل فهم او د ډیر هوش و حواس په بنیاد باندے مونږ خپل قدمونه واخلو. زهٔ ګرانو ملګرو او سپیکر صاحب، ستاسو په اجازت چه د کرزئی صاحب د طرف نه دوئ یوه خبره اوکړه او یقیناً نه دی پکار، د یو ملک سربراه له هم نه دی پکار چه هغه د بل ملک خلاف بیان ورکړی. اشتعال انګیز بیانونه که د هر طرف نه راځی نو دا د دواړو وطنونو د پاره نقصان ده دے. افغانستان زمونږ لوئے کور دے، زمونږه په خوا کښې ګاونډی دے او دا څنګه چه دا د مسلمانانو ملک پاکستان دے، داسے افغانستان هم د مسلمانانو ډیر وسیع ملک دے او ډیرے وینے پرے توے شوے، دیرشو کالو نه د هغوی زخمونه د وینو نه تاسو پخپله

اوګورئ چه رنګ دی۔ پکار دادی چه مونږه هغه زخمونو ته اوګورو۔ نن چه دلته خبره کیږی چه مونږه هغه مهاجرو له پناه ورکړے ده، زمونږ ورونړه دی، هغه مهاجرو له که مونږ په ورورولئ پناه ورکړے وه نو ډیره به ښه وه۔ هغه د بین الاقوامی ایجنډے یوه حصه وه۔ د هغے خلقو په سر باندے مونږ ته دلته پیسے به راتلے، مونږ پرے حکومتونه چلول۔ مونږ په هغه وخت کښ هم د دے خبرے نشاندهی کړے وه، نن هم دا نشاندهی کوؤ چه کله چرته د یو سربراه د بل سربراه په ملک کښ د اشتعال انګیزئ خبره راځی، کرزئی صاحب یوه خبره کړے وه، پکار دا دی چه دا پارلیمنټ دے، هاؤس فلور دے چه مونږه هغه بیان پوره اوګورو ځکه چه د دے ځائے نه خبر ځی، دا سټیج نه دے، دا جلسه نه ده، دا تقریر نه دے، دا دپارټئ الیکشن نه دے، دا د قوم د مستقبل په بابت کښ خبرے دی او د قوم د پاره زما یوه خبره به د خیر خواهئ هم وی او بله به تاوانی وی، نو پکار نه ده چه زهٔ تاوانی خبره اوکړم۔ زهٔ به ښه خبره کوم ځکه زما مرکزی حکومت دے، هغه مرکزی حکومت ته به زما په خبره تکلیف رسی او که نه؟ د هغے هم نظر پکار دے۔ مونږه نن په کوم Sensitive حالاتو کښ چه اوسو، پکار دا دی چه مونږه مرکزی حکومت یا صوبائی حکومت ته داسے مشکلات جوړ نه کړو چه د امن طرف ته چه دا کوم Process روان دے چه په دے کښ رکاوټ راشی۔ په دے بنیاد کرزئی صاحب چه کوم بیان ورکړے دے، دا ئے وئیلی دی چه که د دغه ځائے نه په ما باندے مداخلت کیږی، زما حق دے چه زهٔ هغوی پسے لاړ شم او په هغوی باندے حمله اوکړم، نو زهٔ دا خبره دے فلور باندے هم کوم چه نه به په افغانستان کښ مداخلت کیږی او نه پکار دے۔ مونږ مرکزی حکومت ته هم وایو او دے خپل صوبائی حکومت ته په دے سطح چه په هیڅ یو قیمت په یو ملک کښ هم مداخلت نه دے پکار۔ نه به په افغانستان کښ مداخلت کوؤ او زمونږ یقین دے چه نه به د افغانستان نه په پاکستان باندے حمله کیږی او چه کیږی نو چه په افغانستان کښ کیږی نو هم ئے مذمت کوؤ او که په پاکستان کښ حمله کیږی نو هم د هغے په شدید الفاظو سره مونږه مذمت کوؤ۔ (تالیاں)

زهٔ ګرانو ملګرو، د دے څو خبرو سره د بجټ هغه د تقریر حق محفوظ ساتم چه زهٔ به پرے روستو خبرے کوم۔ د دے موقع سره ما هم دومره حق ګنړلو چه زهٔ د دے

خبرے وضاحت اوکړم۔ په دے به ئے اجازت واخلم، د درانی صاحب چه وائی چه:

ـ زهٔ د سیندونو لامبوزن ووم نصیب مے بد شو د نا لئ اوبه مے اوړینه

ډیره مهربانی، شکریه جی۔

Mr. Speaker: Thank you Mian Sahib. The sitting is adjourned till 4:00 P.M of todays evening. Thank you.

---

(اس مرحلے پر ایوان کی کارروائی شام چار بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی)

# دوسری نشست

صوبائی اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 19 جون 2008 بمطابق 14 جمادی الثانی 1429 ہجری بعداز دوپہر چار بج کر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

**اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**صِبۡغَةَ ٱللَّهِۖ وَمَنۡ أَحۡسَنُ مِنَ ٱللَّهِ صِبۡغَةٗۖ وَنَحۡنُ لَهُۥ عَـٰبِدُونَO قُلۡ أَتُحَآجُّونَنَا فِي ٱللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ وَلَنَآ أَعۡمَـٰلُنَا وَلَكُمۡ أَعۡمَـٰلُكُمۡ وَنَحۡنُ لَهُۥ مُخۡلِصُونَ۔**

(ترجمہ): (کہہ دو کہ ہم نے) خدا کا رنگ (اختیار کر لیا ہے) اور خدا سے بہتر رنگ کس کا ہو سکتا ہے۔ اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔ (ان سے) کہو، کیا تم خدا کے بارے میں ہم سے جھگڑتے ہو، حالانکہ وہی ہمارا اور تمھارا پروردگار ہے اور ہم کو ہمارے اعمال (کا بدلہ ملے گا) اور تم کو تمھارے اعمال (کا) اور ہم خاص اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔

## سالانہ بجٹ برائے سال 09-2008 پر عام بحث

جناب سپیکر: ملک قاسم خٹک صاحب۔(Absent) پرنس جاوید صاحب۔

جناب پرنس جاوید: میں خداوند تعالیٰ کے مقدس اور جلالی نام سے شروع کرتا ہوں۔ جناب سپیکر! حالیہ 09-2008 کا جو بجٹ پیش کیا گیا، وہ مجموعی طور پر ایک اچھا بجٹ تھا اور اس میں وہ تمام باتیں شامل تھیں جو ایک معاشرے کی ترقی و کامرانی کیلئے ضروری ہوتی ہیں۔ جناب سپیکر! میں صوبہ سرحد میں بسنے والی اقلیتوں کے بارے میں چند باتیں کرونگا۔ موجودہ حکومت نے کیلاش کے لوگوں کیلئے 35.100 ملین روپے مختص کئے ہیں انکی ترقی کیلئے، یہ خوش آئند اقدام ہے جس کو تمام صوبہ سرحد کی مذہبی اقلیتیں احسن طریقے سے دیکھ رہی ہیں۔ جناب سپیکر، موجودہ صوبائی حکومت، جناب انجنیئر ہمایون خان جو وزیر خزانہ ہیں، وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد، جناب امیر حیدر خان ہوتی اور تمام وزراء کی ٹیم جنہوں نے اتنی کم مدت میں ایک اچھا بجٹ پیش کیا ہے، تمام اقلیتیں اس کو سراہتی ہیں۔ میں ایک گزارش پیش کرتا ہوں کہ مذہبی اقلیتوں کو اگر تین مرلہ، پانچ مرلہ سکیم میں بھی شامل کر لیا جاتا جو آسان قسطوں پر مشتمل ہوتی، کوئی بھی شیڈول بینک ان کے قسطوں کو وصول کرتا تو یہ بھی بہت اچھی بات ہوتی بہر حال ہم مجموعی طور پر صوبائی حکومت کے اس اقدام کی پرزور حمایت کرتے ہیں۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you, Javed Sahib. Mr. Mehmood Alam Khan, please.

جناب محمود عالم: **نحمده و نصلی علیٰ رسوله الکریم۔ اما بعد فاعوذبالله من الشیطن الرجیم۔ بسم الله الرحمن الرحیم۔ ٱلْقَارِعَةُ ہ مَا ٱلْقَارِعَةُ ہ وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا ٱلْقَارِعَةُ ہ يَوْمَ يَكُونُ ٱلنَّاسُ كَٱلْفَرَاشِ ٱلْمَبْثُوثِ ہ** جناب سپیکر! میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ حکومت بننے کے بعد دوسری دفعہ آپ نے مجھے آج موقع دیا کہ اس سال کا جو بجٹ پیش کیا گیا پچھلے سولہ تاریخ کو، الحمد للہ قلیل عرصے کے اندر بڑا اچھا اور مناسب بجٹ تھا اور ہم اس کی تائید کرتے ہیں یعنی ایک حکومتی بینچ کے اوپر بیٹھ کے اور پھر اپوزیشن والوں سے بھی ہم یہ کہیں گے کہ تنقید برائے تنقید، کبھی حکومت والے اپوزیشن پر تنقید کرتے ہیں، کبھی اپوزیشن حکومت پر تنقید کرتی ہے، یہ تو ایک دنیاوی سلسلہ ہے، جو چلتا رہے گا کیونکہ اس کے بغیر معاملات بھی آگے نہیں چلتے لیکن یہاں پر میں کچھ اپنے ڈسٹرکٹ کے حوالے سے بات کرونگا، کوہستان کے حوالے سے بات کرونگا۔ ہمارے جو کوہستان کے ایم پی ایز ہیں، یہ تمام کے تمام ایم پی ایز

ہمارے جو ہیں، انہوں نے حکومت کا ساتھ دیا ہے یعنی حکومت میں باقاعدہ طور پر ہمارے کوہستان کے ایم پی ایز شامل ہیں اور کوہستان ایک ایسا ضلع ہے جس طرح کہ اپوزیشن لیڈر، اکرم خان درانی صاحب نے بالکل اپنے الفاظ میں دہرایا ہے کہ پاکستان میں سب سے پسماندہ ضلع، سب سے پسماندہ ضلع اگر ہے تو وہ ضلع کوہستان ہے اور پھر پچھلے تین چار سال پہلے جو زلزلہ آیا، جو Earthquake کا معاملہ ہوا، ایک تو ڈسٹرکٹ ہمارا بہت زیادہ پسماندہ تھا اور پھر پسماندگی کے ساتھ اللہ کی طرف سے ایک عذاب کی طرح اتنا شدید زلزلہ آیا کہ ہزاروں جانوں کا وہاں پر نقصان ہوا، ہزاروں سکول گر چکے تھے، مساجد گر چکی تھیں یعنی ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔ تو جناب سپیکر، میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ابھی تک کوہستان کے عوام کا جو زخم تھا، وہ ابھی ٹھیک نہیں ہوا تھا، ابھی زیر علاج تھا، مطلب علاج ہو رہا تھا کہ علاج کے دوران آپ لوگوں نے ان کے سر سے، جو حوصلہ افزائی تھی، آپ لوگوں نے ہاتھ اٹھایا ہے۔ وہ اسلئے کہ بجٹ تو مناسب تھا لیکن اس میں ہمارے ضلع کوہستان کو آپ لوگوں نے نظر انداز کیا ہے۔ چونکہ ضلع کوہستان اتنا پسماندہ علاقہ ہے، میں نے صرف اے ڈی پی کی جو Book تھی، وہ میں نے بھی خود نہیں دیکھی لیکن میرے جو ایم پی اے ساتھی تھے، ہمارا آپس میں ڈسکشن ہو رہا تھا کہ اس میں تقریباً بائیس کلومیٹر روڈ ایک دیا ہے آپ لوگوں نے اور چودہ کلومیٹر روڈ دیا ہے لیکن اس بائیس کلومیٹر روڈ کیلئے آپ لوگوں نے تین کروڑ روپے مختص کئے ہیں، تو تین کروڑ سے بائیس کلومیٹر روڈ نہیں بن سکتی ہے۔ یہاں جو چودہ کلومیٹر روڈ ہے، چودہ کلومیٹر روڈ کیلئے دس کروڑ روپے مختص کئے ہیں آپ لوگوں نے، وہ تو چلیں مناسب ہے لیکن جو بائیس کلومیٹر روڈ ہے، وہ تین کروڑ سے کہاں بنتی ہے؟ تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ ہم نے حکومت کا ساتھ دیا ہے، ہم تینوں ایم پی ایز کوہستان کے حق میں اپنی پسماندگی کی وجہ سے آپ لوگوں کے ساتھ ہیں کہ ضلع کی پسماندگی دور ہو جائے تو اگر کوہستان کی پسماندگی دور نہیں ہوتی تو ہم چہرہ دکھانے کے قابل نہیں ہونگے اپنے کوہستان کے اندر۔ اسلئے میری جناب سپیکر، آپ سے گزارش ہے کہ ضلع کوہستان ہیلتھ میں بھی سب سے پیچھے ہے، ایجوکیشن میں بھی سب سے پیچھے ہے اور تمام محکموں میں، کسی بھی محکمے میں آپ اسے دیکھیں تو مطلب یہ ہے کہ کوہستان جو ہے، وہ سب سے پیچھے ہے۔ وہاں کوئی ڈگری کالج نہیں ہے، پچھلے سال درانی صاحب کے دور میں جو تعلیمی ادارے دیئے گئے تھے، وہ ہیں۔ ہمیں ہمارے ہر ڈسٹرکٹ، ہر ضلع کے اندر ایک ایک ڈگری کالج چاہیئے اور سکول سمیت، زیادہ سے زیادہ سکول چاہیئیں کیونکہ کوہستان ایک ایسا علاقہ ہے اور بعض جگہیں ایسی ہیں کہ وہاں پر ہم پیدل سفر کرتے ہیں، وہاں تین

سے چار دن پیدل اس حلقے کے اندر ہمیں پیدل چلنا پڑتا ہے تو وہاں پر ایک دو گرلز پرائمری سکولز، مڈل سکولز اور بوائز کیلئے پرائمری سکولز، مڈل سکولوں کی ضرورت ہے۔ چونکہ وہاں گاڑیوں میں بہت سفر نہیں کیا جا سکتا، گاڑیاں وہاں چلتی نہیں ہیں تو لوگ وہاں پیدل چل کر سفر کرتے ہیں۔ تو اسلئے میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ کوہستان کو نظر انداز نہ کیا جائے کیونکہ ہم اس بات پر مناسب انداز میں احتجاج بھی کرتے ہیں۔ میرے کوہستان کے جو ایم پی ایز ہیں، ستار صاحب ہیں، مولوی عبیداللہ صاحب ہیں، ہم پسماندہ علاقے کے ہیں، ہم آپ سے یہ امید رکھتے ہیں اور آپ سے یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ کوہستان کو زیادہ سے زیادہ فنڈز مہیا کئے جائیں۔ اس کے علاوہ میں کل بجٹ کی جو دوسری کتاب ہے، وہ پڑھ رہا تھا، اس کتاب کے اندر لکھا تھا کہ کوہستان کیلئے ایرا کی طرف سے سوشل ویلفیئر کمپلیکس بنائے جائیں گے تو میں آپ لوگوں سے یہ گزارش کرتا ہوں سپیکر صاحب، کہ آپ نے صوبائی بجٹ میں ہمارے لئے کیا رکھا ہے، ضلع کوہستان کیلئے؟ مجھے فکر ہے، میں ایک Selected MPA ہوں، کل عوام کے سامنے جا کر میں نے جواب دینا ہے، اسلئے آپ سے یہ گزارش ہے کہ ہمارے ضلع کوہستان کو نظر انداز نہ کریں۔ ضلع کوہستان کو سب سے زیادہ فنڈز مہیا کرنے چاہئیں کیونکہ وہاں ایک تو لوگ غریب ہیں اور دوسری بات یہ ہے کہ وہاں پر زلزلے کی وجہ سے جو تباہی ہوئی ہے اور جو مصیبت زدہ لوگ ہیں، جو تکالیف لوگوں کو ہیں، اس کا اندازہ ہمیں ہے، آپ لوگوں کو نہیں ہے۔ چونکہ ہم وہاں پیدل چل کر سفر کرتے ہیں، وہاں جا کر دیکھتے ہیں تو یقین کریں کہ لوگوں کی توقعات بہت زیادہ ہیں لیکن ہم اس پر اتر نہیں سکتے ہیں۔ اگر آپ لوگ مناسب انداز میں ہمارے ضلع کوہستان کیلئے فنڈز مہیا کریں گے تو انشاء اللہ ہم آگے کام چلائیں گے۔ دوسری بات یہ ہے، یہ ضمناً ایک بات میں کہہ رہا ہوں کہ ہم کہتے ہیں کہ صوبہ سرحد میں فوڈ کی قلت ہے یہاں پر اور آٹا کی کمی ہے، آٹے کی قلت ہے اور ہماری صوبائی گورنمنٹ کی طرف سے ہمارے سیکرٹری خوراک صاحب پنجاب گئے تھے۔ پنجاب جا کر سیکرٹری خوراک صاحب نے وہاں بات بھی کی پنجاب گورنمنٹ سے لیکن پنجاب گورنمنٹ نے انکار کیا۔ پنجاب گورنمنٹ نے جب انکار کر دیا کہ ہم ایک صوبے سے دوسرے صوبے کو فوڈ نہیں دے سکتے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں، میرے پاس یہ ایک پرچہ ہے، یہ آپ دیکھ لیں کہ پنجاب گورنمنٹ کسی پرائیویٹ آدمی کو فوڈ کا پرمٹ جو ایشو کر رہی ہے، یہ لیٹر میرے پاس پڑا ہوا ہے کہ پنجاب گورنمنٹ فوڈ کا پرمٹ جاری کر رہی ہے پرائیویٹ آدمی کو جس کا گورنمنٹ سے کوئی تعلق بھی نہیں ہے حالانکہ وہ فوڈ کے دن کو پندرہ پندرہ ٹرک، دو سو دو سو ٹرک یہاں لوگوں میں بھیج کر جو پیسے کما رہے ہیں

اور رقم بنا رہے ہیں تو یہ کہاں سے یہ کماتے ہیں؟ پنجاب گورنمنٹ کو دینے چاہیئے این ڈبلیو ایف پی کی گورنمنٹ کو تاکہ گورنمنٹ والے آگے اسکو بھیجیں۔ تو اس سلسلے میں میری گزارش ہے اور پوری ایوان سے میری یہ گزارش ہے، یہ میں وزیر اعلیٰ صاحب سے، سپیکر صاحب سے اور وزیر اعظم صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ اس کی تحقیقات کی جائیں کہ بغیر این ڈبلیو ایف پی گورنمنٹ کی تجارت کے یہ جو فارم، یہ پرمٹ تقسیم ہو رہے ہیں تو یہ میں ریکویسٹ کرتا ہوں۔ والسلام۔

جناب سپیکر: آن کریں منسٹر لاء کا سپیکر۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون و پارلیمانی امور): جناب سپیکر! میں جی، آپ کے توسط سے جتنے بھی ٹریژری بنچز کے ہمارے ساتھی مہربان ہیں، ان سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ انکا اپنا ایک فورم ہے، انہیں اپنے Minister Concerned سے اگر کوئی ریکویسٹ کرنی ہے، کوئی شکایت کرنی ہے تو یہ اپنے پارلیمنٹری لیڈرز کے Through کر سکتے ہیں، خود جا کر ان کے ساتھ بیٹھ سکتے ہیں تو یہ موقع میرے خیال میں اپوزیشن کے ساتھیوں۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے جی، بیٹھیں۔ ابھی ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید صاحبہ کو فلور دیا ہے، اس کے بعد۔۔۔۔۔

Dr. Faiza Bibi Rasheed: Thank you, Mr. Speaker.
Mr. Speaker: After her, after her.

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جو 2008-09 کا بجٹ پیش کیا گیا ہے، اسکے قصیدے تو میں نہیں پڑھونگی لیکن جتنا کم وقت ملا ہے نئی گورنمنٹ کو، اس لحاظ سے I think کہ یہ Peoples friendly budget ہے، تو میں آپ کے توسط سے قائد حزب اختلاف، اکرم درانی صاحب کی Speech کے چند Points کی طرف آپ کی توجہ مبذول کروانا چاہونگی۔ یقیناً کہ انہوں نے بڑی محنت سے اپنی یہ Speech تیار کی تھی اور اس میں جو Digits اور Figures انہوں نے بتائے ہیں، وہ بلاشبہ ٹھیک ہیں، ان میں کوئی غلطی کا امکان نہیں ہے لیکن جناب سپیکر، جو ایک Common man in a street ہے، ایک عام آدمی ہے، اس کو ان Digits اور ان Figures سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا، وہ ہمیشہ دیکھتا ہے کہ نئے بجٹ میں اس کو Technical ground میں کتنا Facilitate کیا گیا ہے، اس کی کونسی مشکلات میں کمی آئی ہے، کونسی اس کی نئی مشکلات شروع ہوئی ہیں؟ سب سے پہلے میں ہیلتھ کے حوالے سے بات کروں گی۔ بلاشبہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں جو فنڈز تھے، وہ زیادہ کئے گئے لیکن جناب سپیکر، Ground fact یہ ہے کہ خود میرے

ضلع میں پچھلے پانچ سال میں آٹھ بی ایچ یوز بند ہو گئے ہیں اور اس سے پہلے سارے بی ایچ یوز میں، آر ایچ سی ایز میں اور ہاسپٹلز میں جو میڈیسنز ملتی تھیں، وہ ملنی بند ہو گئیں ہیں اور آج حال یہ ہے کہ ایک ڈسپوزیبل سرنج بھی جس کی قیمت دو روپے ہے، نہیں مل سکتی اور اسی طرح جو باقی 2001 میں ہیلتھ کی طرف سے ایک قانون نافذ کیا گیا تھا کہ جتنے بھی سپیشلسٹس ہیں اور پروفیسرز ہیں، ان کو Bound کیا گیا تھا کہ وہ آوٹ ڈور پریکٹس نہیں کریں گے بلکہ Evening time میں ہاسپٹل کے اندر ہی Patients دیکھیں گے۔ اس سے ایک فائدہ تو یہ ہوا تھا کہ Patients کو ہر وقت ڈاکٹرز Available تھے۔ دوسرا جتنے بھی اے کیٹیگری کے ہاسپٹلز تھے جناب سپیکر، ان کو Autonomous بنانے کی جو Methodology اپنائی گئی تھی، وہ بہت کامیاب رہی۔ صرف ایل آر ایچ میں ڈھائی مہینے میں اٹھائیس کروڑ کی Fund raising ہوئی اور اس طرح حکومت پر بوجھ کم ہو سکتا تھا اور Patients کو بھی ریلیف مل سکتا تھا لیکن نہ جانے کیوں سابقہ حکومت میں یہ چیز ختم کر دی گئی؟ اور آج جناب سپیکر، حال یہ ہے کہ ایوب کمپلیکس جیسے ہاسپٹلز میں ڈاکٹرز، سپیشلسٹس دن میں صرف ایک گھنٹے کیلئے آتے ہیں، مریض تڑپتے رہتے ہیں اور ان کو ڈاکٹرز ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتے اور سارے Patients جو ہیں، In door patients، وہ بھی Out door refer ہوتے ہیں۔ سیکنڈ بات میں یہ کرونگی کہ خود میرے اپنے ڈسٹرکٹ میں 2003 میں ڈی ایچ کیو نئی بلڈنگ میں شفٹ ہونی تھی، Take over ہونا تھا لیکن باوجود، Bookish knowledge میں تو ہے کہ بہت زیادہ فنڈ فراہم کیا گیا لیکن پچھلے پانچ سالہ حکومت میں اس کو Take over نہیں کیا گیا، نہ جانے کن وجوہات پہ؟ ابھی چند روز پہلے اس ہاسپٹل کو ایسی حالت میں Take over کیا گیا، سابقہ گورنمنٹ میں اتنے پیسے ملنے کے باوجود اس کو Complete نہیں کیا گیا۔ جناب سپیکر، اس کے دروازے رسیوں سے باندھے ہوئے ہیں، او۔ٹی وارڈ تیار نہیں ہے، ایمرجنسی وارڈ تیار نہیں ہے، لیبر روم تیار نہیں ہے، آئی سی یو تیار نہیں ہے اور چند لوگوں کے ذاتی فائدے کی لئے راتوں رات اس ہاسپٹل کو شفٹ کیا گیا ہے اور نہ صرف یہ بلکہ جو پرانی ڈی ایچ کیو کی عمارت تھی، اس سے بھی سارا سامان نکال کر لے گئے ہیں اور جو پہلی والے ہاسپٹل کا سامان تھا، اس کا بھی پتہ نہیں ہے کہ وہ کدھر گیا ہے؟ اسلئے میری یہ درخواست ہے کہ اس کیلئے ایک انکوائری کمیٹی بنائی جائے۔ جناب سپیکر، تین دن میں جب شفٹنگ ہوئی ہے، تین Casualties ہوئی ہیں مریضوں کی ادھر ادھر شفٹنگ میں اور آج دونوں ہاسپٹلز کی حالت یہ ہے کہ نہ ایک Working condition میں ہے اور نہ دوسرا ہے، لوگ مر رہے

